مسلسل اشاعت کے 60 سال

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کا ترجمان

ماہنامہ لولاک ملتان

Email: khatmenubuwwat@ymail.com

شمارہ : ۵ — مئی 2023ء

جلد: ۲۷ — شوال المکرم ۱۴۴۴ھ

Email: khatmenubuwwat@ymail.com

خاتم الانبیاء ﷺ کی دانائی کا تذکرہ

عید الفطر اور اجتماعیت کبریٰ

تیسواں سالانہ آل پاکستان ختم نبوت کورس چناب نگر

محاسبۂ قادیانیت جلد ۲۷ کا دیباچہ

مولانا قاری جمیل الرحمن اختر رحمۃ اللہ علیہ لاہور

www.khatm-e-nubuwwat.com, www.lolaak.clickhere2.net, www.laulak.info

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کا ترجمان
ماہنامہ
لولاک
ملتان

شمارہ: ۵ جلد: ۲۷

بیاد

امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ — مولانا قاضی احسان احمد شجاع آبادیؒ
مجاہد ملت مولانا محمد علی جالندھریؒ — مناظر اسلام مولانا لال حسین اخترؒ
حضرت مولانا سید محمد یوسف بنوریؒ — خواجۂ خواجگان حضرت مولانا خان محمد صاحبؒ
حضرت مولانا عبدالرحمن میانویؒ — فاتح قادیان حضرت مولانا محمد حیاتؒ
شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد عبداللہؒ — حضرت مولانا محمد شریف جالندھریؒ
حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانویؒ — شیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی احمد الرحمنؒ
حضرت مولانا عبدالرحیم اشعرؒ — پیر طریقت حضرت مولانا شاہ نفیس الحسینیؒ
حضرت مولانا عبدالمجید لدھیانویؒ — حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندرؒ
حضرت مولانا مفتی محمد جمیل خانؒ — حضرت مولانا محمد شریف بہاولپوریؒ
حضرت مولانا سعید احمد صاحب جلالپوری شہیدؒ — صاحبزادہ طارق محمودؒ
مولانا محمد اکرم طوفانیؒ

مجلسِ منتظمہ

مولانا غلام رسول دینپوری	مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی
علامہ احمد میاں حمادی	مولانا فقیر اللہ اختر
مولانا مفتی حفیظ الرحمن	مولانا محمد طیب فاروقی
مولانا قاضی احسان احمد	مولانا محمد اسحاق ساقی
مولانا مفتی محمد راشد مدنی	مولانا محمد وسیم اسلم
مولانا محمد حسین ناصر	چوہدری محمد اقبال
مولانا محمد قاسم رحمانی	مولانا عبدالرزاق
مولانا عبدالرشید غازی	مولانا محمد اویس

بانی: مجاہد ختم نبوت حضرت مولانا تاج محمود رحمۃ اللہ علیہ
زیر سرپرستی: حضرت مولانا حافظ محمد ناصر الدین خاکوانی صاحب
زیر سرپرستی: حضرت مولانا سید سلیمان یوسف بنوری صاحب
نگران اعلیٰ: حضرت مولانا عزیز الرحمن جالندھری
نگران: حضرت مولانا اللہ وسایا
چیف ایڈیٹر: حضرت مولانا عزیز احمد
حضرت مولانا مفتی محمد شہاب الدین پوپلزئی
ایڈیٹر: صاحبزادہ حافظ مبشر محمود
مرتب: مولانا عزیز الرحمن ثانی
کمپوزنگ: یوسف ہارون

ناشر: عزیز احمد مطبع: تشکیل نو پرنٹرز ملتان
مقام اشاعت: جامع مسجد ختم نبوت حضوری باغ روڈ ملتان

رابطہ: عالمی مجلس تحفظ ختم نبوۃ
حضوری باغ روڈ، ملتان فون: 0333-8827001, 061-4783486

بسم اللہ الرحمن الرحیم!

کلمۃ الیوم

تیسواں سالانہ آل پاکستان ختم نبوت کورس چناب نگر	مولانا اللہ وسایا	03

مقالات ومضامین

مرحبا سیدی مکی مدنی العربی ﷺ...... جواب شکوہ (منظوم)	قدسی ایرانی / علامہ محمد اقبال	07
شمائل نبوی ﷺ...... کھانا کھانے کی سنتیں	مولانا سعد حسن خان ٹونکی / تلخیص مولانا محمد شاہد	08
خاتم الانبیاء ﷺ کی دانائی کا تذکرہ	عبدالصمد محراب پور	12
عیدالفطر اور اجتماعیت کبریٰ	حضرت مولانا قاری محمد طیب قاسمی رحمۃ اللہ علیہ	13
حضرت مولانا احمد علی لاہوری کی کرامت اور مولانا سمیع الحق کا شاہکار	مولانا اللہ وسایا	18
انتخاب لاجواب	حافظ محمد انس	23
مناظرۃ الہند الکبریٰ یعنی ہندوستان کا عظیم مناظرہ (قسط:16)	مولانا رحمت اللہ کیرانوی / مولانا غلام رسول	26

شخصیات

مولانا قاری جمیل الرحمٰن اختر لاہور	مولانا اللہ وسایا	30

ردِ قادیانیت

مرزا قادیانی اور اس کی عبادت	مولانا منظور احمد چنیوٹی رحمۃ اللہ علیہ	32
محاسبہ قادیانیت جلد ۲۷ کا دیباچہ	مولانا اللہ وسایا	35
ختم نبوت سہ ماہی وشعبان کورسز کی چوالیس سالہ رپورٹ	// //	42
تیسواں ختم نبوت کورس چناب نگر...... مدارس وشرکاء کرام	مولانا محمد وسیم اسلم	48

متفرقات

تبصرۂ کتب	مولانا عتیق الرحمٰن	55
جماعتی سرگرمیاں	ادارہ	56

بسم اللہ الرحمن الرحیم!

کلمتہ الیوم

تیسواں سالانہ آل پاکستان ختم نبوت کورس چناب نگر

حسب سابق امسال سالانہ ختم نبوت کورس چناب نگر ۵ تا ۲۶ ؍شعبان ۱۴۴۴ھ مطابق ۲۶ ؍فروری تا ۱۹ ؍مارچ ۲۰۲۳ء کو مدرسہ عربیہ ختم نبوت مسلم کالونی چناب نگر میں عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے شعبہ دارالمبلغین کے زیراہتمام منعقد ہوا۔

تیسواں سالانہ آل پاکستان ختم نبوت کورس کا آغاز صبح آٹھ بجے ۵ ؍شعبان بروز ہفتہ اور اختتام ۱۱ بجے دن دوپہر ۲۶ ؍شعبان بروز اتوار ہوا۔ یوں ۲۳ دن علم وفضل کی یہ شاندار کلاس جاری رہ کر بخیروخوبی اختتام پذیر ہوئی۔ ۳ ؍شعبان جمعرات شام کو شرکاء کرام کی آمد کا سلسلہ شروع ہوگیا تھا، داخلہ کا عمل جمعہ کے روز شروع ہوا، اتوار شام کو بند کر دیا گیا۔ اس کے باوجود بعد میں بھی بعض رفقاء تشریف لائے جب داخلہ بند ہوچکا تھا۔ انہیں رہائش، خوراک اور تعلیم کی سہولت دی گئی، داخلہ، امتحان، سند، وظیفہ اور کتب کی سہولت سے معذرت کر لی گئی۔ ان حضرات کے اخلاص کا یہ عالم کہ اس کے باوجود بھی وہ شریک درس رہے۔ حق تعالیٰ ان کو اس کی بہت جزائے خیر دیں۔

حسب سابق مولانا الیاس الرحمٰن (چناب نگر)، مولانا محمد وسیم اسلم (مبلغ ملتان)، مولانا شیر عالم (چناب نگر)، مولانا خالد عابد (مبلغ سرگودہا)، مولانا محمد طارق (مبلغ راولپنڈی)، مولانا شرافت علی (مبلغ نارووال)، مولانا محمد اویس (مبلغ کوئٹہ)، مولانا محمد وقاص مدرس مدرسہ ختم نبوت چناب نگر نے داخلہ اور رہائش کا عمل مکمل کیا۔

رجسٹر حاضری، رجسٹر داخلہ، رجسٹر امتحان وسند کی تکمیل مولانا غلام رسول صاحب دین پوری کی زیرسرپرستی مولانا شیر عالم اور مولانا محمد وسیم اسلم نے کی۔

مولانا محمد اسحاق ساقی مبلغ بہاول پور، مولانا فضل الرحمٰن منگلا مبلغ ننکانہ وشیخوپورہ، مولانا صغیر احمد چناب نگر نے مطبخ میں خوردونوش اور مہمانان گرامی کو سہولیات بہم پہنچانے کے فرائض سرانجام دیئے۔

حضرت مولانا محمد خبیب مبلغ ٹوبہ ٹیک سنگھ مرحوم کی وفات کے باعث ان کی جگہ ڈیوٹی مولانا فضل

الرحمٰن منگلا نے انجام دی اور اس نئی ذمہ داری کو خوب نبھایا۔ آپ نے طلباء کرام کے نمازوں کے لئے بروقت پہنچنے، یومیہ شام کو پروجیکٹ پر تعلیم اور آخری دو دن مکتبہ پر ڈیوٹی دی اور کامیاب رہے۔ الحمدللہ!

خصوصی مہمانانِ گرامی کی ضیافت کی خدمت کے لئے جناب حافظ محمد عدنان خادم مدرسہ چناب نگر متحرک رہے۔ امسال خصوصی مہمانانِ گرامی کی ضیافت کی خدمات شعبہ حفظ کے اساتذہ وطلباء سے ترک کر دی گئیں تاکہ ان کا نظام تعلیم متأثر نہ ہو۔ البتہ صبح ناشتہ، دوپہر اور شام کے عمومی کھانا کی تقسیم کا عمل ایک ایک ہفتہ ایک ایک حفظ کی کلاس کے اساتذہ اور طلباء نے حسب سابق سرانجام دیا۔

حسب سابق امسال بھی پہلا سبق مولانا محمد شاہد ندیم مدرس جامعہ ختم نبوت مسلم کالونی نے پڑھایا۔ مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی، مولانا مفتی محمد راشد مدنی، مولانا عزیز الرحمٰن ثانی، مولانا قاضی احسان احمد، مولانا محمد وسیم اسلم کے اسباق ایک ایک ہفتہ یا نصف ہفتہ تک ہوتے رہے۔ البتہ مولانا غلام رسول دین پوری، مولانا توصیف احمد، مولانا فضل الرحمٰن منگلا کے دروس پورے کورس کے دوران جاری رہے۔ پروجیکٹر پر مولانا فضل الرحمٰن، مولانا توصیف احمد کے بیانات ہوتے رہے۔ نصف گھنٹہ کا ایک پیریڈ مفتی دین محمد ٹل والوں نے بھی پڑھایا۔

مولانا مفتی محمد حسن لاہور، مولانا زاہد الراشدی، مولانا مفتی حفیظ الرحمٰن ٹنڈو آدم، مولانا عادل خورشید مبلغ آزاد کشمیر، مولانا مفتی مصطفیٰ عزیز فیصل آباد، مولانا قاضی ہارون الرشید راولپنڈی، مولانا نور محمد ہزاروی سرگودھا، مولانا فقیر اللہ اختر سیالکوٹ، جناب حسن رانا لاہور (ختم نبوت ٹی.وی)، جناب خالد مسعود ایڈووکیٹ تلہ گنگ کا ایک ایک بیان ہوا۔ البتہ جناب محمد متین خالد اور مولانا رضوان عزیز، مولانا غلام مرتضیٰ ڈسکہ کے دو دو بیانات ہوئے۔ ہر ہفتہ کی پڑھائی کا امتحان علیحدہ علیحدہ ہوا، تینوں امتحانات کے نمبروں کو جمع کر کے پاس، فیل اور اوّل، دوم، سوم کی پوزیشنوں کا تعین کیا گیا۔

امسال بھی اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے پندرہ پندرہ رفقاء پر مشتمل گروپ تیار کر کے ان سے تقاریر کرائی گئی۔ پھر ہر گروپ سے ساتھی لے کر ان کے تقریری مقابلہ کا اہتمام کیا گیا۔ امتحانات اور رزلٹ کے نظم کی سرپرستی مولانا غلام رسول صاحب نے انجام دی۔ تقاریر اور دیگر کورس کے تمام امور پر مولانا عزیز الرحمٰن ثانی کی نگرانی رہی۔ اس دوران وہ گردونواح کی تحصیل یا قصبات کی سطح تک کی شبانہ کانفرنسوں میں شریک بھی رہے۔

ختم نبوت کانفرنسیں

امسال فقیر راقم کورس کے رفقاء کی غلامی کے علاوہ کورس کے دوران: (۱) چک ۸۶ جنوبی سرگودھا مرکز اہل سنت، (۲) حافظ آباد، (۳) لاہور بلال گنج، (۴) ہری پور ہزارہ، (۵) اچھروال، (۶) ستیانہ، (۷) سرگودھا جامع مسجد عثمانیہ، (۸) اقراء روضۃ الاطفال سرگودھا، (۹) دھریمہ ضلع سرگودھا، (۱۰) لاہور

بھسین، (۱۱) ختم نبوت ٹی.وی لاہور، (۱۲) علی پور مظفر گڑھ، (۳) دہلی مسجد چنیوٹ، (۱۴) چک نمبر ۴۶ اڈا سرگودھا، (۱۵) چکوال مسجد عمرؓ خلافت راشدہ کانفرنس، (۱۶) ملھوآنہ موڑ جامع مسجد نقشبندی اجتماع۔ ان اہم تبلیغی پروگراموں اور ختم نبوت کانفرنسوں میں شرکت کرنے کی بھی اللہ نے توفیق سے سرفراز فرمایا۔

مولانا عزیز الرحمٰن ثانی نے بھی کورس کے دوران خوشاب علماء کنونشن، لاہور بھسین، ہڈالی، میانہ گوندل، بھلوال، جوہر آباد اور بھیرہ میں ختم نبوت کانفرنسوں سے خطاب فرمایا۔ دن کو کورس کے نظم کو سرانجام دیتے اور رات کو ان پروگراموں کو شرف رونق بخشی۔

اختتامی تقریب

امسال ۱۹؍اکتوبر ۲۰۲۳ء کو صبح آٹھ بجے اختتامی تقریب منعقد ہوئی۔ جس میں شرکاء حضرات کو انعامی کتب، سندات اور پوزیشن ہولڈر حضرات کو انعامی کتب پیش کی گئیں۔ اجلاس کی صدارت حضرت مولانا صاحبزادہ خلیل احمد مدظلہم نے فرمائی۔ آپ کے تشریف لے جانے کے بعد عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت چیچہ وطنی کے امیر مولانا مفتی محمد ظفر اقبال بانی جامعۃ السراج چیچہ وطنی نے صدارت فرمائی۔

تقریری مقابلہ اور تحریری امتحانات میں جن حضرات نے اوّل، دوم، سوم پوزیشن حاصل کی ان کی تفصیل یہ ہے:

تقریری مقابلہ...... پوزیشن ہولڈر طلباء کرام

نمبر شمار	رول نمبر	نام مع ولدیت	ضلع	حاصل کردہ نمبر
۱	۷۹	مولانا محمد سعید بن حمید اللہ	باجوڑ	۹۲ اول
۲	۳۵۴	مولانا عصمت اللہ بن پیر غلام	ٹانک	۸۸ دوم
۳	۴۸۳	مولانا امیر حسن بن امیر حمزہ	کراچی	۸۷ سوم

تحریری امتحان...... پوزیشن ہولڈر طلباء کرام

نمبر شمار	رول نمبر	نام مع ولدیت	ضلع	حاصل کردہ نمبر
۱	۵۵۵	مولانا عبدالغنی بن گل روز خان	کوہاٹ	۲۸۵ اوّل
۲	۴۸۵	مولانا حضرت عمر بن علی حضرت	لوئر دیر	۲۸۱ دوم
۳	۶۶	مولانا محمد خان بن محمد شفیع	ڈی.جی خان	۲۷۹ سوم

مہمانان گرامی اختتامی تقریب

کورس میں مندرجہ مہمانان گرامی نے شرکاء کورس میں کتب، انعامات اور سندات تقسیم فرمائیں:

حضرت مولانا خواجہ خلیل احمد، مولانا قاری عبدالحمید حامد چنیوٹ، حاجی محمد سلیم چنیوٹ، مولانا خالد محمود لاہور، قاری وقار سعید لاہور، جناب خالد مسعود تلہ گنگ، مولانا عنایت اللہ مبلغ کوئٹہ، مولانا مفتی ظفر اقبال چیچہ وطنی، مولانا مفتی سیف اللہ خالد چنیوٹ، مولانا بصیر خان پشاور، مولانا عبداللہ خان، مولانا مفتی محمد امجد پشاور، قاری محمد جعفر چنیوٹ، مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی، مولانا فقیر اللہ اختر سیالکوٹ، مولانا غلام رسول دین پوری، مولانا عزیز الرحمٰن رحیمی فیصل آباد، مولانا عطاء الرحمٰن صدیقی چک ۴۶ سرگودھا، مولانا عبیداللہ لاہور، حاجی محمد منشاء چنیوٹ، حاجی محمد جمیل چنیوٹ، قاری افتخار رشیدی لاہور نے دعا کرائی۔

اس سال جن حضرات نے کورس میں داخلہ لیا ان کی کل تعداد ۵۶۸ تھی جو حضرات امتحانات میں شرکت کی سعادت سے سرفراز ہوئے ان کی تعداد پانچ سو بیس ۵۲۰ تھی۔ تمام شرکاء کورس کے اسماء گرامی اسی شمارے میں درج ہیں۔

ختم نبوت کانفرنس اوستہ محمد بلوچستان

۹رفروری ۲۰۲۳ء بعد نماز عصر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیر اہتمام جامع مسجد امروٹی سلیم کالونی میں ختم نبوت کانفرنس منعقد ہوئی۔ جس میں تلاوت قاری عبدالوہاب نعتیہ کلام دارالعلوم شمسیہ سلیم کالونی اوستہ محمد کے ایک طالب علم نے پیش کیا۔ بعد ازاں مولانا محمد اویس مبلغ ختم نبوت بلوچستان نے خطاب کیا۔ بعد نماز مغرب دوسری نشست ہوئی جس میں عالمی مجلس کی مجلس شوریٰ کے رکن مولانا قاری انوارالحق حقانی، مولانا قاضی احسان احمد مرکزی رہنما عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کراچی کے بیانات ہوئے اور مدرسہ کے طلباء کی دستار بندی کی گئی۔ اختتامی دعا مولانا مفتی عجب خان ملیدنی نے کرائی۔ منتظم ومیزبان مولانا مہراللہ جتک اور مولانا عبدالحمید پہوڑ اوران کے دیگر رفقاء تھے۔

ختم نبوت کانفرنس ڈیرہ اللہ یار بلوچستان

۱۰رفروری ۲۰۲۳ء بروز جمعۃ المبارک جامع مسجد مکی ایری گیشن کالونی میں صبح دس بجے ختم نبوت کانفرنس مولانا عبدالغفار رند کی نگرانی میں منعقد ہوئی۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض مولانا غلام حسین سدھایو نے سرانجام دیئے۔ حافظ امان اللہ واہگہ نے نعتیہ کلام پیش کیا۔ جب کہ مبلغ بلوچستان مولانا محمد اویس، مولانا قاری انوارالحق حقانی اور مولانا قاضی احسان احمد کے بیانات ہوئے۔

مرحبا سیدی مکی مدنی العربی ﷺ

قدسی ایرانی

مرحبا سید مکی مدنی العربی
دل وجان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

من بے دل بہ جمال تو عجب حیرانم
اللہ اللہ چہ جمال است بدیں بوالعجبی

نسبتے نیست بہ ذات تو بنی آدم را
برتر از آدم و عالم تو چہ عالی نسبی

شب معراج عروج تو ز افلاک گزشت
بمقامے کہ رسیدی نہ رسید ہیچ نبی!

نخل بستان مدینہ ز تو سر سبز مدام
زاں شدہ شہرہ آفاق بہ شیریں رطبی

ذات پاک تو دریں ملک عرب کردہ ظہور
زاں سبب آمدہ قرآن بہ زبان عربی

چشم رحمت بکشا سوئے من انداز نظر
اے قریشی لقبی، ہاشمی ومطلبی

سید انت حبیبی وطبیب قلبی
آمدہ سوئے تو قدسی پئے درماں طلبی

جواب شکوہ

علامہ محمد اقبال

ہو نہ یہ پھول، تو بلبل کا ترنم بھی نہ ہو
چمن دہر میں کلیوں کا تبسم بھی نہ ہو

یہ نہ ساقی ہو تو پھر مے بھی نہ ہو، خم بھی نہ ہو
بزم توحید بھی دنیا میں نہ ہو، تم بھی نہ ہو

خیمہ افلاک کا استادہ اسی نام سے ہے
نبض ہستی تپش آمادہ اسی نام سے ہے

دشت میں، دامن کہسار میں، میدان میں ہے
بحر میں، موج کی آغوش میں، طوفان میں ہے

چین کے شہر، مراکش کے بیابان میں ہے
اور پوشیدہ مسلمان کے ایمان میں ہے

چشم اقوام یہ نظارہ ابد تک دیکھے
رفعت شان رفعنا لک ذکرک دیکھے

شمائل نبوی ﷺ ...... کھانا کھانے کی سنتیں

مولانا سعد حسن خان ٹونکی: تلخیص: مولانا محمد شاہد ندیم

مولانا سعد حسنؒ نے اپنے اس رسالہ میں صرف فعلی روایات کو لیا ہے اور جن عربی عربی کتب سیر سے مدد حاصل کی ہے وہ چار ہیں (۱) مواہب للدنیہ از علامہ قسطلانیؒ (۲) زاد المعاد از علامہ ابن قیم جوزیؒ (۳) عمل الیوم واللیہ از علامہ ابن سنیؒ (۴) سبل الہدیٰ والرشاد فی سیرۃ خیر العباد از علامہ محمد بن یوسف بن علی الشامیؒ المعروف ''سیرت شامی'' زیادہ تر اعتماد مؤخر الذکر کتاب پر رکھا ہے۔

آں حضرت ﷺ کے عادات پاکیزہ کھانے کے بارے میں

۱...... آپ ﷺ کھانے سے پہلے ہاتھ دھوتے اور سیدھے ہاتھ سے اپنے سامنے سے کھاتے۔

۲...... آپ ﷺ ٹیک لگا کر کبھی کھانا نوش نہیں فرماتے تھے، یا تو دو زانو بیٹھتے یا بدن کے نچلے حصہ کو زمین پر ٹیک کر ہر دو زانو کھڑے کر کے بیٹھتے یا اکڑو بیٹھتے، آخری نشست کے آپ ﷺ بہت زیادہ عادی تھے۔

۳...... آپ ﷺ نے میز کرسی پر بیٹھ کر کبھی کھانا نوش نہیں فرمایا بلکہ زمین پر دستر خوان بچھایا جاتا اور اس پر حضور اقدس ﷺ کھانا تناول فرماتے۔

۴...... آپ ﷺ اکثر و بیشتر صرف تین انگلیوں سے کھانا تناول فرماتے یعنی انگوٹھے، شہادت کی انگلی اور بیچ کی انگلی سے۔ اگر کوئی شئے پتلی ہوتی تو شاذ و نادر بیچ کی انگلی کے برابر والی انگلی سے بھی کام لیتے۔

۵...... کھانے کے بعد انگلیاں چاٹ لیتے، پہلے بیچ کی انگلی پھر شہادت کی انگلی اور پھر انگوٹھا چاٹتے۔

۶...... کھانا اگر برتن کی چوٹی تک چنا ہوتا تو آپ ﷺ چوٹی سے کھانا شروع نہیں فرماتے تھے بلکہ اپنے سامنے نیچے کی جانب سے شروع کرتے اور فرماتے کہ کھانے میں برکت بیچ میں ہوتی ہے۔

۷...... چھوٹی چھوٹی پیالیوں اور طشتریوں میں (جن میں اکثر امراء اچار، چٹنیاں یا پر تکلف کھانے چن کر کھاتے ہیں) کھانا ناپسند فرماتے۔

۸...... آپ ﷺ حلوا، شہد، سرکہ، خربوزہ، ککڑی، آل (لوکی) بہت پسند فرماتے۔

۹...... گوشت میں آں حضرت ﷺ کو دستی، گردن اور پیٹھ کا گوشت بہت پسند تھا۔

۱۰...... آپ ﷺ کبھی خربوزہ اور کھجور، ککڑی اور کھجور، روٹی اور کھجور یا تل اور کھجور ملا کر تناول فرماتے۔

۱۱...... کچا پیاز اور کچا لہسن کبھی تناول نہ فرماتے تھے۔

۱۲...... اگر کوئی کھانا طبع مبارک کو نامرغوب ہوتا تو کبھی اس کی برائی نہیں فرماتے تھے بلکہ خاموشی سے اس کو چھوڑ دیتے۔

۱۳...... آپ ﷺ نے چھنا ہوا آٹا کبھی نہیں استعمال کیا۔

۱۴...... آپ ﷺ نے چپاتی کبھی نہیں کھائی۔ ۱۵...... آپ ﷺ نے میدہ کبھی نہیں کھایا۔

۱۶...... کھجور یا روٹی کا ٹکڑا کسی پاک جگہ پڑا ہوتا تو اس کو پونچھ کر کھا لیتے۔

۱۷...... بہت گرم کھانا جس میں سے بھاپ نکل رہی ہوتی تناول نہیں فرماتے تھے بلکہ ٹھنڈا ہونے دیتے، گرم کھانے کے لئے کبھی فرماتے کہ اللہ نے ہم کو آگ نہیں کھلائی ہے اور کبھی فرماتے کہ گرم کھانے میں برکت نہیں ہوتی۔

۱۸...... آپ ﷺ کھانے کو کبھی نہیں سونگتے تھے اور برا نہیں جانتے تھے۔

۱۹...... آپ ﷺ کھانا وغیرہ بیٹھ کر ہی نوش فرماتے مگر میوہ یا پھل کھڑے کھڑے بھی نوش جان فرما لیا کرتے اور کبھی چل پھر کر بھی۔

۲۰...... آپ ﷺ انگلیوں کو جڑوں تک کھانے میں نہیں بھرتے تھے۔

۲۱...... آپ ﷺ پکے ہوئے گوشت کو کبھی چھری سے کاٹ کر نوش فرماتے تھے۔

۲۲...... کھانے اور پینے کے برتن کو ڈھکوا کر رکھواتے مگر کوئی چیز ڈھکنے کو نہ ہوتی تو ایک چھوٹی سے لکڑی برتن کے منہ پر رکھوا دیتے۔

۲۳...... اگر کسی مجلس میں تشریف فرما ہوتے اور کسی ہم جلیس کو کوئی چیز کھانے یا پینے کی عنایت فرماتے تو سیدھی جانب بیٹھنے والے کو اس کا زیادہ حقدار سمجھتے اور اس کو دیتے اور اگر الٹی جانب بیٹھنے والے کو عنایت فرمانا چاہتے تو سیدھی طرف والے سے اجازت طلب فرماتے۔ یہ ترتیب اور عمل ہمیشہ ملحوظ رہتا چاہے الٹی طرف کا آدمی کتنی ہی بڑی حیثیت کا ہوتا۔

۲۴...... آپ ﷺ شام کے وقت صبح کا کھانا اور صبح کے وقت شام کا کھانا کبھی اٹھا کر نہیں رکھتے تھے۔

۲۵...... آپ ﷺ سالن کے نیچے کا حصہ بہت پسند فرماتے اور اکثر اس کو بعد میں پی لیتے۔ (استاذ جی مولانا عبدالمجید لدھیانویؒ اس کی وضاحت تل چھٹ جو دیگ یا دیگچی میں آخر میں لگ جاتی ہے کو فرماتے تھے)

۲۶...... گھر میں آپ ﷺ گوشت لاتے تو فرماتے کہ اس میں شوربا رکھنا تاکہ پڑوسی کو بھی دیا جاسکے۔

۲۷...... کھانے یا پینے کی چیز میں حضور اکرم ﷺ پھونک نہیں مارتے تھے بلکہ برا جانتے تھے۔

۲۸...... آپ ﷺ کبھی خربوزہ شکر کے ساتھ تناول فرماتے۔

۲۹...... آپ ﷺ کبھی دو میوؤں کو ایک ساتھ کھاتے ایک کو ایک ہاتھ میں دوسرے کو دوسرے ہاتھ میں ہاتھ میں کبھی اس میں سے لقمہ لیتے کبھی اس میں سے اس طرح آپ ﷺ نے کھجور اور خربوزہ بھی کھایا ہے کھجور سیدھے ہاتھ میں اور خربوزہ الٹے ہاتھ میں۔

۳۰...... حضور اقدس ﷺ کھجور کھاتے تو الٹے ہاتھ سے گٹھلی پھینکتے جاتے تھے۔

۳۱...... آپ ﷺ گٹھلی دو انگلیوں یعنی شہادت اور بیچ کی انگلی سے پھینکتے۔ اس طرح کہ ان دونوں انگلیوں کی پشت پر گٹھلی رکھتے اور پھینک دیتے۔

۳۲...... آپ ﷺ ککڑی نمک سے بھی کھاتے۔

۳۳...... آپ ﷺ نیا کھانا دیکھتے تو اس کا نام پہلے دریافت فرماتے پھر تناول فرماتے تھے۔

۳۴...... آخر زندگی میں جب کہ آپ ﷺ کو دھوکہ سے زہر کھلا دیا گیا عادت طیبہ یہ بھی ہوگئی تھی کہ جب کوئی شخص کوئی کھانا بطور ہدیہ خدمت عالی میں پیش کرتا تو اس کو اس کھانے میں سے ایک لقمہ پہلے کھلا دیتے پھر نوش جان فرماتے مگر یہ صورت اجنبی لوگوں کے ساتھ ہوتی۔

۳۵...... گوشت دار ہڈیوں میں پہلو کی ہڈی بہت پسند فرماتے۔

۳۶...... آپ ﷺ کہیں مدعو ہوتے اور کوئی شخص بغیر بلائے ساتھ ہو جاتا تو آپ ﷺ اس کو ساتھ لے لیتے، مگر داعی کے گھر پہنچنے پر داعی سے اس کے لئے اجازت طلب فرماتے، اجازت حاصل کرنے پر اس کو اپنے ہمراہ لے جاتے۔

۳۷...... مہمان کو کھانا کھلاتے تو بار بار فرماتے اور کھاؤ اور کھاؤ یہاں تک کہ مہمان بے حد انکار کرتا تب آپ ﷺ اپنا اصرار ترک فرماتے۔

۳۸...... کسی مجمع میں کھانا تناول فرمانے کا موقعہ پیش آتا تو سب سے آخر میں آپ ﷺ ہی کھانے سے اٹھتے کیوں کہ بعض دیر تک کھاتے رہنے کی عادی ہوتے ہیں اور ایسے لوگ جب دوسرے کو کھانے سے اٹھتا دیکھتے ہیں تو شرم کی وجہ سے خود بھی اٹھ جاتے ہیں۔ لہٰذا ایسے لوگوں کا لحاظ فرماتے ہوئے حضور اکرم ﷺ بھی بہ تکلف تھوڑا تھوڑا کھاتے ہی رہتے۔

۳۹...... کھانا شروع کرتے وقت تین لقموں تک ہر لقمہ پر بسم اللہ کہہ کر لقمہ لیتے۔

۴۰...... جو شخص بغیر بسم اللہ کہے کھانا شروع کر دیتا تو آں حضرت ﷺ اس کا ہاتھ پکڑ لیا کرتے اور اس کو بسم اللہ کہنے کے لئے تاکید فرماتے۔

۴۱...... کسی شخص کو الٹے ہاتھ سے کھانا کھاتے ہوئے دیکھتے تو آپ ﷺ اس کے ہاتھ کو ایسا جھٹکتے کہ اس کے ہاتھ سے لقمہ گر جاتا اور پھر فرماتے کہ کھانے میں سیدھے ہاتھ سے کام لو۔

۴۲...... کھانا ایک قسم کا آپ ﷺ کے سامنے ہوتا تو آپ ﷺ صرف اپنے ہی سامنے سے تناول فرماتے اور اگر مختلف قسم کا کھانا ہوتا چاہے برتن ایک ہی ہوتا تو آپ ﷺ بلا تامل دوسری جانب سے بھی تناول فرماتے۔

۴۳...... پرانی کھجور تناول فرماتے تو پہلے اندر سے اس کو صاف کر لیتے پھر تناول فرماتے۔

۴۴...... کھانے کے بعد ہاتھ دھوتے اور ہاتھوں میں جو تری ہوتی اس کو دھونے کے بعد اپنے ہاتھوں چہرے اور سر مبارک پر مل کر خشک کر لیا کرتے۔

۴۵...... جب حضور اکرم ﷺ مرغی کھانا چاہتے تو کئی روز پہلے حکم دیتے کہ وہ باہر پھرنے سے روک لی جائے پھر اس کو ذبح کرا کے اس کو پکواتے اور تناول فرماتے۔

۴۶...... آپ ﷺ کھچڑی بہت پسند فرماتے۔

۴۷...... گوشت کے شوربے میں ڈبوئی ہوئی روٹی (ثرید) بہت مرغوب طبع تھی۔

۴۸...... مکھن اور کھجور بھی حضور اقدس ﷺ کو بہت پسند تھے۔

۴۹...... دودھ اور کھجور ساتھ ساتھ تناول فرماتے اور ارشاد فرماتے کہ یہ دونوں چیزیں عمدہ ہیں۔

۵۰...... جب آں حضرت ﷺ کھانے سے اوّل لقمہ لیتے تو فرماتے یا واسع المغفرة۔

۵۱...... جب کھانا پاس آتا تو آپ ﷺ فرماتے: اللھم بارک لنا فی ما رزقتنا وقنا عذاب النار بسم اللہ!

۵۲...... جب آپ ﷺ کھانا تناول فرما لیتے تو فرماتے: الحمدللہ الذی اطعمنا وسقانا وجلعنا من المسلمین۔

۵۳...... جب دستر خوان اٹھ جاتا تو آپ ﷺ ارشاد فرماتے: الحمدللہ حمداً کثیراً طیباً مبارکاً فیه غیر مکفی ولا مودّع ولا مستغنی عنه۔

۵۴...... جب حضور اکرم ﷺ کہیں مدعو ہوتے تو داعی کے حق میں ان الفاظ سے ضرور دعا فرماتے: اللھم بارک لھم فی مارزقتھم واغفرلھم وارحمھم۔

خاتم الانبیاء ﷺ کی دانائی کا تذکرہ

عبدالصمد محراب پور

خاتم الانبیاء ﷺ کی خصوصیات بے شمار ہیں۔ آپ ﷺ ظاہر و باطنی تمام خصوصیات میں پوری کائنات میں فرد وحید ہیں۔ ہم یہاں آپ کی صرف ایک خصوصیت ’’عقل مندی و دانائی‘‘ کے بارے میں کچھ روایات ذکر کرتے ہیں۔ جس سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ رب العالمین نے جو آپ کو جو اعلیٰ عقل عطاء فرمائی ہے، اس عقلی تفوق میں آپ ﷺ کا کوئی ثانی نہیں ہے اور ہمارا عقیدہ ہے کہ پوری کائنات میں ابتداء کائنات سے لے کر انتہاء کائنات تک آپ ﷺ جیسا کوئی ’’عاقل‘‘ پیدا ہوا ہے، نا ہی کوئی پیدا ہوگا۔ آپ ﷺ عقل میں کامل مکمل اکمل ہیں۔

حضرت وہب بن منبہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے، حضرت وہیب جو کہ اجل کبار تابعین میں سے تھے۔ پوری زندگی زاہدانہ انداز سے گزاری۔ شب بیداری میں مشغول ہونے کی وجہ سے تیس سال تک بستر پر نہیں سوئے۔ حضرت عبداللہ بن عباس، عبداللہ بن عمرو العاص، ابوسعید خدری، ابوہریرہ، نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہم اور بڑے بڑے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے روایات نقل کی ہیں۔ کتب سابقہ کے کثیر المطالعہ تھے۔ ان کو معلومات میں ید طولیٰ حاصل تھا۔ بالاجماع ثقہ ہیں۔ اصحاب ستہ نے اپنی صحاح ستہ میں بھی ان کی روایات کو نقل کیا ہے۔ سن ۱۱۶ھ (ایک سو سالہ) اسّی سال کی عمر میں انتقال فرمایا۔ (نسیم الریاض فی شرح شفاء قاضی عیاض ج۱ص ۳۶۹)

۱...... حضرت وہب بن منبہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے ۷۱ یا ۷۲ سابقہ آسمانی کتب میں جو انبیاء علیہم السلام پر کتابوں اور صحیفوں کی شکل میں نازل ہوئی ہیں، ان سب میں مشترک طور پر یہ بات پائی ہے کہ خاتم الانبیاء ﷺ تمام مخلوقات میں عقل میں اور رائے میں فرد وحید ہیں اور ان میں ان کا کوئی ثانی نہیں۔ ’’ان النبی ﷺ ارجع الناس عقلاً وافضلھم رأیاً‘‘، ’’ان کان اعقل الناس واذکاھم‘‘ (شفاء ج۱ص ۳۶۸، ۳۶۹)

۲...... حضرت وہب بن منبہ فرماتے ہیں کہ یہ بات یقینی ہے اور اس میں شک وشبہ کی کوئی گنجائش نہیں۔ میں نے گزشتہ انبیاء کی اکثر کتابیں پڑھی ہیں۔ ان سب میں یہ مضمون پڑھا ہے کہ دنیا کی پیدائش سے لے کر قیامت تک جو کچھ اللہ تعالیٰ نے اپنے بے انتہاء خزانے سے عقل کی نعمت دوسرے عاقلوں کو عنایت فرمائی ہے، وہ سب حضور ﷺ کے عقل کے مقابلے میں ایک ذرے کے برابر ہیں۔ جیسے دنیا کے تمام ریگستانوں کے مقابلے میں ایک ذرے کی حیثیت ہوئی ہے۔ (نسیم الریاض ج۱ص ۳۶۹)

عیدالفطر اور اجتماعیت کبریٰ

حضرت مولانا قاری محمد طیب قاسمیؒ

دنیا کی ہر قوم تہوار رکھتی ہے اور اپنی امکانی حد تک اسے شاندار طریقے سے مناتی ہے۔ پارسیوں میں نوروز اور مہرجان کی عیدیں ہیں۔ عیسائیوں میں کرسمس اور بڑے دن وغیرہ کے نام سے عید ہے۔ ہندوؤں میں ہولی، دیوالی وغیرہ وغیرہ سینکڑوں تہوار اور آئے دن کے میلے ٹھیلے ہیں۔

مسلمانوں کو اللہ تعالیٰ نے عیدین (عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ) کے تہوار اعطاء فرمائے۔ فرق یہ ہے کہ اقوام عالم میں عید اور تہوار کے معنی رنگ رلیاں منانے یا اپنی قومیت کے مستحکم کرنے اور یا کسی مقتداء کی شخصیت کی یاد تازہ کرنے کے ہیں۔ اسلام میں عید اور تہوار کے معنی اجتماعی طور پر خدا کی یاد کرنے، اس کی طرف رجوع کرنے، اس کا قرب حاصل کرنے اور اس کے نام پر غریبوں کی مدد کرنے کے ہیں۔ تاکہ اجتماعیت عامہ کا ظہور عادت اور عبادت دونوں میں ہو جائے۔ پس اگر مذاہب کے ناموں کے سلسلہ میں ہر مذہب کا نام اس کی نوعیت پر روشنی ڈالتا ہے۔ ہندومت کے لفظ سے وطنیت پر روشنی پڑتی ہے۔ عیسائیت کے لفظ سے ایک ہادیٔ اعظم کی شخصیت سامنے آتی ہے۔ یہودیت کے لفظ سے ایک قومیت کا تصور بندھتا ہے۔ پارسیت سے ایک ملک کا دھیان دلوں میں جمتا ہے۔ جس کا حاصل حد بندی اور محدودیت ہے تو اسلام کے لفظ سے نہ وطن سامنے آتا ہے نہ ملک۔ نہ قوم نہ شخصیت۔ بلکہ اطاعت حق میں فنائیت اور مالک الملک میں محویت کے جذبات کی طرف اشارہ ہوتا ہے جو اس کی طرف صاف اشارہ ہے کہ دنیا کے مذاہب نسل وقوم وطن اور شخصیت پرستی کی حد سے آگے نہیں بڑھ سکے ہیں۔ لیکن اسلام نے اپنے سادہ عنوان ہی سے ان تمام حد بندیوں کو توڑ کر ایک عالمگیر تصور سامنے رکھا اور وہ اطاعت حق ہے۔ کیونکہ حق خود لامحدود اور وسیع ہے۔ اس لئے اس کی اطاعت کا دم بھرنے والی قوم بھی اپنے کو مسلم کہہ کر عبادت گزار بن کر اور عبادت غیر سے منقطع ہو کر گویا اعلان کرتی ہے کہ وہ ایسی ذات سے تعلق رکھتی ہے جو وسیع سے وسیع تر ہے اور دنیا کی پوری زمین اور اس کے سارے رقبے اور رقبوں پر بسنے والی قومیں اپنی حد بندیوں سے اس کی لامحدود وسعتوں میں خلل انداز نہیں ہوسکتیں۔ ٹھیک اسی طرح تہواروں اور عیدوں کے سلسلہ میں اپنے تہواروں سے ہر قوم اگر یہ اعلان کرتی ہے کہ وہ رنگ رلیوں میں منہمک ہو کر اپنی نفسیات کی پابند ہے یا کسی بڑی شخصیت کی میلاد منا کر

وہ صرف اس عظمت کو نمایاں کرنا چاہتی ہے جو اس کے دل میں اس شخص کی موجزن ہے۔ گویا وہ اپنی شخصی عقیدت مندیوں کی پابند ہے یا کسی وطن اور قوم کا نام اجاگر کر کے اپنے کو اس کا اسیر یا پابند دکھانا چاہتی ہے تو مسلم قوم عیدوں کے تہواروں میں خدا کی جناب میں دوگانہ ادا کر کے اور اس کے نام پر قربانی دے کر حاجت مندوں پر فطرہ کا صدقہ اور قربانی کا صدقہ بانٹ کر گویا یہ بتلانا چاہتی ہے کہ ایک طرف تو وہ صرف خدائی نام لیوا ہے اور اس کی عظمتوں کو دنیا کے سامنے پیش کرنا چاہتی ہے اور دوسری طرف دنیا کے مفلوک الحال انسانوں کو اس خوشی کے موقعہ پر صدقہ اور خیرات دے کر یہ بتانا چاہتی ہے کہ وہ ایک عوامی اور عالمی قوم ہے۔ جس کو نہ قبیلے تقسیم کر سکتے ہیں نہ ملکوں کی حد بندیاں بانٹ سکتی ہیں۔ نہ شخصیتوں کی عقیدت مندیاں اسے دوسری شخصیتوں کی عظمت وعقیدت سے روک سکتی ہیں اور یہ ہی وہ اجتماعیت کبریٰ ہے جسے لے کر اسلام دنیا میں آیا ہے اور جس کا اعلان اس نے اپنے نام اور اپنے کام سے قدم قدم پر کیا ہے۔

بہرحال اسلامی تہوار نفسیاتی یا قومیتی یا شخصیاتی تصورات کے آئینہ دار نہیں بلکہ اجتماعیت عامہ کے حامل ہیں اور یہ اجتماعیت عامہ جب کہ وطن، قوم، نسل، شخصیت کے تصور سے نہیں بن سکتی تھی بلکہ ان سب سے بالاتر اور مافوق ذات سے وابستگی سے ہی بن سکتی تھی۔ جس کا نام پاک اللہ رب العزت ہے تو ان تہواروں کی روح اسی کا نام اور اسی کی عظمت مطلقہ قرار دی گئی ہے۔ چنانچہ عید کی نماز کے لئے جب مسلمان چلتے ہیں تو رنگ چھینکتے ہوئے یا کسی شخصیت یا قومیت کے نعرے لگاتے اور جے کار کرتے ہوئے نہیں چلتے۔ بلکہ ’’اللہ اکبر اللہ اکبر لا الہ الا اللہ واللہ اکبر اللہ اکبر وللہ الحمد‘‘ کہتے ہوئے چلتے ہیں۔ عید الفطر میں آہستہ آہستہ اور عید قرباں میں بآواز بلند تہوار کے لئے روانگی ہوتی ہے تو کبریاء الٰہی، عظمت خداوندی اور توحید حق کے اعلان کے ساتھ ہوتی ہے اس میں نہ شور ہے نہ شر، نہ ہنگامہ آرائی ہے نہ میلوں ٹھیلوں کی شان ہے۔ بلکہ قدوسیوں، سبوحیوں اور مقدس ملائکہ کی صفوں کی طرح تسبیح الٰہی اور تقدیس ربانی کہتے ہوئے روانہ ہوتے ہیں۔ عیدگاہ میں پہنچ کر بھی تسبیح وتہلیل جاری رہتی ہے۔ اس کے بعد امام آگے بڑھتا ہے۔ اس کے تکبیر تحریمہ کہتے ہی مکبر تکبیرات کی آوازیں بلند کرتے ہیں۔ تلاوت قرآن ہوتی ہے۔ سب مقتدی سکون وخشوع کے ساتھ اسے سننے کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔ رکوع وسجود سے اپنے مالک کے سامنے بندگی کا ثبوت دیتے ہیں اور آخر کار سلام پھیر کر پھر تکبیرات کی صدائیں بلند ہونے لگتی ہیں۔

نماز سے فارغ ہوتے ہی امام خطیب کی صورت میں نمودار ہوتا ہے اور ممبر پر کھڑے ہو کر وعظ ونصیحت اور احکام خداوندی سناتا ہے۔ جس کو تمام مقتدی سماع عظمت وقبول سے سنتے ہیں۔ اس عبادت سے

فارغ ہوکر اپنے گھروں کو لوٹتے ہیں۔ اس خوشی کے موقع پر جب کہ ہر طرف چہل پہل اور روحانی مسرتوں کا دلوں پر ہجوم ہوتا ہے۔ ممکن تھا کہ اس میں کسی نفسانی تفریح یا دنیاداری کے جذبات کی آمیزش ہو جائے تو ان تہوار منانے والوں کے لئے مسنون کیا گیا کہ قبرستانوں میں جاکر اپنے مردہ بھائیوں کی ارواح سے ملاقات کریں۔ ان کو ثواب پہنچائیں۔ ان سے قریب ہوں تاکہ ان کو آخرت کے گھرانے دیکھ کر خودبخود اپنی آخرت کی یاد تازہ ہو جائے اور دنیا میں اس خوشی کے موقع پر ادھر سے دھیان نہ ہٹ جائے۔

دوسرے لفظوں میں بتلانا یہ ہے کہ مسلمان جس اجتماعیت کبریٰ کو لے کر اٹھا ہے اس کا دائرہ صرف اسی دنیا تک محدود نہیں بلکہ عالم برزخ کے اربوں کھربوں انسان بھی اس کی اجتماعیت کے ممبر ہیں اور وہ ان سے قطع نظر نہیں کرسکتا۔ گویا اس نے ایک ایسی عظیم اجتماعیت کی بنیاد ڈالی ہے جو دنیا سے گزر کر عالم برزخ اور برزخ سے گزر کر عالم حشر تک جا پہنچتی ہے۔ جس میں دنیا کے کسی ایک قرن ہی کے انسان نہ ہوں گے۔ بلکہ آدم کی ساری اولاد اور اوّلین وآخرین کی ساری شخصیتیں مجتمع ہوں گی۔

پس جو لوگ مسلمانوں سے سن کر اجتماعیت کا نام لیتے ہیں وہ زیادہ سے زیادہ عالمی اجتماعیت کا دم بھریں گے اور وہ بھی صرف اپنے زمانہ کے ملکوں اور قوموں سے کوئی سیاسی رابطہ قائم کرلیں گے۔ لیکن حقیقتاً جو قوم اجتماعیت کے لئے ہی دنیا میں برپا کی گئی ہے، وہ عید کے وظائف کی رو سے گویا اس اجتماعیت کو بھی ایک غیرمحدود اجتماعیت ظاہر کرتی ہے اور اس کا رابطہ اجتماعی دنیا سے گزر کر برزخ کے ان تمام پاک باز انسانوں سے قائم ہوتا ہے جو ایمان کے ساتھ اس عالم سے گزر کر اس عالم میں پہنچ چکے ہیں اور گویا وہ محض دنیا والے بھائی بھائی کا نعرہ نہیں لگاتے۔ بلکہ دنیا وآخرت والے بھائی بھائی کا نعرہ لگاتے ہیں۔ مگر اس ساری اجتماعیت کی حقیقی روح جس سے یہ عالمگیر ہی نہیں عوالم گیر اجتماعیت بن جاتی ہے۔ خدا کا نام ہے کہ اس سے زیادہ واسع اور وسیع کوئی نہیں۔ اس لئے عید کے لئے جیسے اس دنیا میں ایمان کی قید ہے، ایسے ہی آخرت کے باشندوں کی ملاقات کے لئے بھی وہی ایمان کی شرط ہے اور ایمان کے معنی بجز اس کے دوسرے نہیں کہ اللہ رب العزت کی ذات وصفات افعال اوامر ونواہی اور اس کے قوانین کو مانا جائے کہ اس کے بغیر یہ وسعت واجتماعیت قائم ہی نہیں ہوسکتی۔

کیونکہ اس سے زیادہ وسیع رشتہ اور معیار ہی دوسرا نہیں۔ اس لئے عید تہوار تو ہے مگر محض لفظ تہوار کی وجہ سے اسے دنیا کی عام اقوام کے تہواروں کی نظر سے نہ دیکھا جائے کہ اس کی غیرمعمولی وسعتیں ان دوسرے ظرفوں میں کسی طرح نہیں سما سکتیں۔ پس خوش قسمت ہے وہ قوم جسے ایسے تہوار دیئے جائیں اور خوش نصیب ہیں وہ افراد جو ان تہواروں میں ان کی شرعی حدود وشروط کے مطابق شرکت کریں۔ تہوار عید بندگی حق

اور خدمت خلق ہے نہ کہ محض نیا اور فاخرہ لباس، عطر وخوشبو اور شیریں چیزیں کھا پی لینا۔ اسی لئے حدیث نبوی ﷺ میں ارشاد فرمایا گیا ہے: ’’العید لمن خاف الوعید لا لمن لبس الجدید (الحدیث)‘‘ یہ عید اس کی ہے جو خدا سے ڈرا (اور اس کی طرف جھکا) نہ کہ اس کی جس نے نئے اور عمدہ کپڑے پہن لئے۔

پس عید کا حاصل ذکر الٰہی، عبادت ربانی، خدمت خلق اللہ روح اجتماعیات دنیا میں رہ کر آخرت کو نہ بھولنا اور زندوں کے ساتھ ہی اموات سے بھی رشتہ جوڑے رکھنا اور ان میں سے ہر چیز کی روح اور معیار ایمان کو قرار دینا نہ کہ ظاہر داری اور دنیا سازی، تاکہ خلق اللہ کے ساتھ اللہ سے وابستگی اصل اصول ثابت ہوتی رہے۔ ساتھ ہی یہ نکتہ بھی قابل توجہ ہے کہ عبادتیں دو طرح کی ہیں۔ ایک فعلی اور ایک ترکی۔ نماز، زکوٰۃ، حج وغیرہ فعلی ہیں جس میں کچھ افعال ادا کرنے پڑتے ہیں ترکی عبادت روزہ ہے۔ جس میں ترک اکل، ترک شرب اور ترک لذات ہوتا ہے۔ ظاہر ہے کہ پورے ایک ماہ تک محبت حق میں دنیا کے اس معظم حصے کو ترک کئے رہنا کوئی معمولی مجاہدہ نہیں بلکہ نفس کی ایک عظیم قربانی ہے۔ جسے بغیر مدد خداوندی پورا نہیں کیا جاسکتا۔ ماہ رمضان المبارک میں دن بھر اس مجاہدے سے نفس کو رگڑ کر اور مانجھ کر اس میں صفائی پیدا کی جاتی ہے۔ لیکن کسی ظرف میں محض صفائی آجانا اور میل کچیل دور ہو جانا کافی نہیں۔ جب تک کہ اس میں آب نہ آجائے اور وہ چمک نہ اٹھے۔ ایک قلعی گھر بھی برتن کو اوّل رگڑتا اور مانجھتا ہے۔ اینٹ، پتھر سے برتن کو رگڑ کر اپنے پیروں تک سے اسے پامال کرتا ہے تاکہ برتن کا میل صاف اور زنگ دور ہو جائے۔ لیکن محض صفائی کے لئے برتن قلعی گر کے یہاں نہیں بھیجا جاتا بلکہ اصل مقصود اس کی آراستگی اور جگمگاہٹ ہوتی ہے۔ چنانچہ قلعی گر بھی اس صفائی پر قناعت نہیں کرتا بلکہ اس صاف برتن کو آنچ دیتا ہے اور تپا کر جب صاف شدہ برتن پر قلعی پھیرتا ہے تو اسی دم برتن چاندی کی طرح چمک اٹھتا ہے اور قلعی گر کے پاس برتن کو بھیجنے کا مقصد اب آ کر پورا ہوتا ہے۔

ٹھیک اسی طرح ظرف قلب کو صاف کرنے کے لئے تو رمضان کے روزے رکھے گئے ہیں تاکہ نفس کی محبوبات اس سے چھڑا کر اسے رگڑ دیا جائے اور غیر اللہ کی محبت والفت کی ان آلائشوں سے اسے صاف کیا جائے۔ پس روزے کے یہ تروک نفس کے لئے وہی کام کرتے ہیں جو برتن مانجھنے کے لئے اینٹ، پتھر اور مٹی کام کرتی ہے۔ دن بھر جب کہ نفس کی رگڑائی ہوئی اس کا دانہ پانی بند کر کے اس کی نفسانی لذات کے دروازے بند کر دیئے گئے اور اس عمل سے اس کی روحانی آلائشوں کا میل کچیل نکال دیا گیا تو شب کو اس پر قلعی کا سامان تراویح اور تلاوت قرآن سے کیا جاتا ہے۔ تاکہ دن بھر کے تپائے ہوئے نفس پر کلام خداوندی کی قلعی سے آب اور چمک پیدا کر دی جائے اور اس کی روح نور الٰہی سے جگمگا اٹھے۔ یہ تیس کے تیس دن کی دن بھر کی کمائی رگڑائی اور منجھائی اور پھر شب بھر قلعی ایک ماہ میں انسانی نفس کو اس قابل بنا دیتی ہے کہ وہ سال

بھرتک اس چمک دمک سے فائدہ اٹھاتا رہے اور میل کچیل سے مبرا رہ کران نورانی اثرات کو سال بھرتک استعمال کرے۔ بشرطیکہ اس مجاہدہ کے اثرات کو سال بھر باقی رکھنے میں ساعی رہے۔

بہرحال یہ ایک ماہ سال بھر کی نورانیت کی کفالت کرتا ہے اور بندے کے خدا سے قریب تر ہونے کے تمام موانع کو دور کر دیتا ہے تا کہ اس سے قریب ہوکر بندہ وسیع الظرف اور وسعت عامہ کا اہل ہو جائے اور اس کی ذات اسلام کی اجتماعیت کبریٰ کی طویل وعریض زنجیر کی ایک مضبوط کڑی ثابت ہو۔

پورے ایک ماہ کی اس مشقت ومحنت اور اس پر مرتب شدہ اجتماعیاتی صلاحیت جیسی عظیم نعمت ملنے پر جو محض خدا کی مدد اور اس کی توفیق ہی سے اسے میسر ہوسکتی تھی اتنی ہی بڑی شکرگزاری کا فریضہ بندے پر عائد ہوتا تھا۔ چنانچہ حق تعالیٰ نے ادائے شکر کا طریقہ دوگانہ عید کو قرار دیا تا کہ ادھر رمضان کامیاب ہوکر ختم ہو اور ادھر اسی دم ہلال عید آسمان سے سر نکال کر یہ اعلان کرے کہ:

’’اے بندو! اس عظیم کامیابی پر جو تمہیں اجتماعیت کبریٰ کی صلاحیتوں کے ملنے کی صورت میں حاصل ہوئی ہے۔ اپنے مالک کا شکر ادا کرو یا بالفاظ دیگر رمضان میں جو صلاحیتیں تمہیں عطاء کر دی گئی ہیں ان کو عید کے میدان میں فعلیت میں لاکر ان صلاحیتوں کا علمی ثبوت دو اور اجتماعیت عامہ کی صورت اور حقیقت اجتماع عید میں توجہ الیٰ اللہ کے ساتھ نمایاں کر کے دکھلاؤ۔‘‘

پس رمضان المبارک صلاحیتیں پیدا کرنے کا مہینہ ہے اور ماہ عید ان صلاحیتوں کے عملی آغاز کا مہینہ ہے جس کا سلسلہ سال بھرتک جاری رہتا ہے۔ اس درمیان میں اگر کچھ کمی یا کوتاہی راہ پا جاتی ہے تو اگلا رمضان پھر اگلے سال کے لئے ان کوتاہیوں کو دور کر کے ان صلاحیتوں کی تجدید کر دیتا ہے تا کہ نہ مجاہدے کا سلسلہ ختم ہو، نہ اجتماعیت کی روح مضمحل ہونے پائے اور انسانی عمر اسی مبارک سلسلہ میں ختم ہو جائے تا کہ جب وہ اپنے رب سے ملے تو تنہا اپنا نفس ہی ساتھ نہ لے جائے، بلکہ اس کے ساتھ اجتماعی نسبتوں کی ایک عظیم کمک ہو۔ لاکھوں دعائیں ہوں جو اس اجتماع میں مل کر کی گئی تھیں۔ ہزاروں ایصال ثواب ہوں جو عید کے موقعہ پر اموات تک پہنچائے گئے تھے۔ کروڑوں باطنی ہمتیں ہوں جو صف بندیوں میں ایک کی دوسرے کی طرف متوجہ ہوتی ہیں اور دنیا وبرزخ کے تعلقات کے بے شمار رشتے ہوں جو اس کے لئے جناب باری میں سفارشی اور ساعی ہوں۔ تا کہ اس فرد پر جو اجتماعی صلاحیتوں سے ایک امت بن کر اپنے خدا کے پاس پہنچ رہا ہے۔ اللہ کی لاکھوں رحمتیں متوجہ ہوں اور وہ اسی طرح اپنے مقصد تخلیق کو پورا کر کے سرخروئی کے ساتھ اپنے مالک سے جا ملے۔

’’فمن زحزح عن النار وادخل الجنة فقد فاز وما الحيوٰة الدنيا الامتاع الغرور‘‘

مولانا احمد علیؒ لاہوری کی کرامت اور مولانا سمیع الحقؒ کا شاہکار

مولانا اللہ وسایا

الحمدللہ وکفیٰ وسلام علی سید الرسل وخاتم الانبیاء امابعد!

امام الاولیاء شیخ التفسیر مولانا احمد علی لاہوری (مئی ۱۸۸۴ء، فروری ۱۹۶۲ء) کے والد گرامی کا نام شیخ حبیب اللہ تھا جو قصبہ جلال ضلع گوجرانوالہ کے باسی تھے۔ ان کے انتقال کے بعد حضرت مولانا غلام محمد دین پوری بانی درگاہ قادریہ دین پور کے حکم پر مولانا عبیداللہ سندھی نے شیخ حبیب اللہ کی بیوہ سے نکاح کرلیا۔ یوں مولانا احمد علی لاہوری اپنے سوتیلے والد مولانا عبیداللہ سندھی کی کفالت میں آگئے اور پوری تعلیم مولانا عبیداللہ سندھی سے حاصل کی۔ حضرت سندھی، حضرت شیخ الہند کے شاگرد رشید اور برصغیر میں شاہ ولی اللہ کے فلسفہ کے علمبردار تھے۔ حضرت مولانا احمد علی لاہوری میں یہ دونوں نسبتیں بھی نمایاں تھیں۔ بلکہ اپنے زمانہ میں ان نسبتوں کے امین وحدی خوان تھے۔

تحریک ریشمی رومال کے نتیجہ میں مولانا عبیداللہ سندھی گرفتار ہوئے تو نظارۃ المعارف القرآنیہ دہلی سے حضرت لاہوری کو گرفتار کرکے پہلے جالندھر پھر لاہور لایا گیا۔ یہ 1915ء کا زمانہ تھا۔ لاہور میں مختلف مقامات پر جہاں آپ رہے درس قرآن دیتے رہے۔ ۱۹۱۷ء سے مسجد لائن سبحان خان شیرانوالہ لاہور تشریف لائے اور شیرانوالہ میں درس قرآن مجید کا آغاز کیا۔ ۱۹۲۲ء میں انجمن خدام الدین لاہور کی بنیاد رکھی۔ ۱۹۲۴ء میں اسی انجمن کے تحت مدرسہ قاسم العلوم کی بنیاد رکھی۔ ۱۹۴۵ء میں مدرسۃ البنات قائم کیا جس میں دینی، دنیوی تعلیم کے ساتھ امور خانہ داری کی بھی تربیت دی جاتی تھی۔ ۱۹۵۵ء میں انجمن خدام الدین کے تحت ہفت روزہ خدام الدین لاہور کا اجراء کیا۔ اپنے زمانہ میں اس کی ریکارڈ اشاعت ہوتی تھی۔ جامع مسجد شیرانوالہ کی حال ۲۰۱۸ء میں نئی دیدہ زیب تعمیر ہوئی ہے جو قابل تحسین ولائق تبریک ہے۔ ۱۹۲۵ء میں حضرت لاہوری نے قرآن مجید کے ترجمہ کا آغاز کیا دو سال بعد ''ترجمہ قرآن عزیز'' کے نام پر یہ ترجمہ شائع ہوگیا جو وقفہ وقفہ سے اب بھی شائع ہورہا ہے۔ البتہ اس کے ابتدائی ایڈیشن پر تقریظات کو بعد کے ایڈیشنوں میں سنسر سے گزارنے کا عمل کیا گیا: ؎ ''رموز مملکت خسروان بدانند''

حضرت لاہوری جمعیۃ علماء اسلام کل پاکستان کے بانی حضرات میں سے تھے اور اس کے پہلے امیر مرکزیہ بھی۔ ہفت روزہ خدام الدین او رہفت روزہ ترجمان اسلام لاہور کے ڈیکلریشن بھی آپ کے نام تھے۔

آپ کے جانشین اور ہمارے مخدوم ومخدوم زادہ حضرت مولانا عبیداللہ انور کے دور میں یہ دونوں رسالے اور مدرسہ قاسم العلوم کا بانکپن رہا۔ آپ کی وفات کے بعد رفتہ رفتہ یہ تینوں ادارے اضمحلال کا شکار ہوئے اور اب ان کا ذکر تاریخ کا حصہ ہے۔

حضرت لاہوری کی کرامت

فقیر راقم کو حق تعالیٰ نے عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کی غلامی کے لئے ایسے طور پر وقف کیا کہ کسی دوسرے کام کی طرف نظر کرنے کی بھی، کبھی کسی خواہش نے زور نہیں دکھایا۔ صرف اس خدمت کے علاوہ دوسرے کاموں سے گویا اپاہج (معاذ اللہ) کر دیا۔ قریباً دوسال پہلے (۲۰۲۱ء) میں نہ معلوم کیا ہوا کہ ایک ضرورت سے ہفت روزہ خدام الدین لاہور کی فائلوں سے مراجعت کی ضرورت پیش آئی تو اپنے مرکزی دفتر کی مرکزی لائبریری میں جلدیں مکمل نہ پاکر شدید احساس ہوا۔ خود خدام الدین لاہور کے دفتر میں بھی مکمل فائلوں کی عدم دستیابی نے اور فکر مند کر دیا کہ آج کی کوشش سے شاید فائلیں مکمل ہو جائیں۔ چند سال بعد تو یہ سب معاملہ دسترس سے باہر ہو جائے گا۔

دیوانگی نے رفتار پکڑی لیکن اپنے کام سے منہ موڑنے میں وہ بھی ناکام رہی۔ تاہم اتنا ہوا کہ حضرت لاہوری کی کرامت سے حق تعالیٰ کے کرم کا ایسا معاملہ ہوا کہ اپنے جماعتی کام کے ساتھ ساتھ خدام الدین لاہور کی فائلوں کی تکمیل کا عمل شروع ہوا، شروع کیا ہوا، حق تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے کرم کے دروازے کھول دیئے۔ ۱۹۵۵ء ہفت روزہ خدام الدین کا آغاز ہوا، اپریل ۱۹۸۵ء مولانا عبیداللہ انور کی وفات تک کا چالیس سالہ ریکارڈ جمع ہوگیا۔ ایک سیٹ مکمل فائلوں کا ملتان دفتر کی مرکزی لائبریری میں رکھا۔ باقی ماندہ رسائل سے دوسرا سیٹ چناب نگر مدرسہ عربیہ ختم نبوت مسلم کالونی کی بخاری لائبریری کے لئے بھجوادیا گیا۔ پھر بھی مزید اتنا ریکارڈ جمع ہوگیا کہ ایک مکمل پک اپ خدام الدین کے سابقہ رسائل کی بھر کر خدام الدین شیرانوالہ اپنے مخدوم گرامی مولانا میاں محمد اجمل قادری کی خدمت میں ارسال کی۔ کئی کارٹن مولانا زاہد الراشدی مدظلہم کو بھجوائے گئے۔ اس دوران ہفت روزہ ترجمان اسلام لاہور کی فائلوں کو بھی مکمل کرنے کا عمل جاری رہا۔ خدام الدین تو حضرت مولانا عبیداللہ انور کے اختتامی دور تک تقریباً ۹۹ فیصد مکمل ہوگیا اور ترجمان اسلام ۹۵ فیصد مکمل ہوگیا۔

حضرت مولانا عبیداللہ انور مرحوم کے وصال کے بعد دونوں رسالوں کی اشاعت میں تسلسل کا فقدان ہوا۔ پھر ناغہ پھر کبھی کبھار، پھر مکمل بندش کے سانحہ سے دوچار ہوئے۔ قارئین سوچیں گے فقیر تکرار کے ساتھ اس بات کا تذکرہ کر رہا ہے۔ اس کا باعث صرف یہ ہے کہ اپنے دور میں یہ دونوں رسائل ہمارے

مسلک کے صرف ترجمان نہیں بلکہ مسلک کی آبرو شمار ہوتے تھے۔ ان کا طنطنہ آج بھی یاد آتا ہے تو حساس دل اب محرومی کے درد سے بھر جاتا ہے۔ خدام الدین کی فائلوں کے اشاریہ پر مشتمل دو جلدیں جناب صلاح الدین ٹیکسلا والوں نے شائع کردیں اور پھر انہوں نے ان تمام رسائل کو انٹرنیٹ پر ڈالنا شروع کیا۔ ۱۹۵۵ء سے ۱۹۸۵ء تک کا تمام ریکارڈ اب انٹرنیٹ پر موجود ہے۔ سنا ہے کہ ترجمان اسلام کو بھی کوئی صاحب نیٹ پر ڈالنے کے لئے جدوجہد کررہے ہیں۔ حق تعالیٰ ان کو کامرانی سے بہرہ ور فرمائیں۔

(آج ۲۲؍مارچ ۲۰۲۳ء ہے اس تحریر کے وقت ہی بہاول پور سے اطلاع آئی ہے کہ قدیم کے قریباً سو سے زائد رسائل خدام الدین کے کوئی صاحب دفتر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت میں جمع کراگئے ہیں)

۱۹۷۶ء میں حضرت مولانا عبیداللہ انور کی خواہش پر شعبان و رمضان میں مفکر اسلام مولانا مفتی محمود صاحب نے تفسیر قرآن مجید شیرانوالہ جامع مسجد میں پڑھائی۔ پوری تفسیر کے جملہ اسباق مولانا محمد یوسف خان استاذ الحدیث جامعہ اشرفیہ نے تحریر کئے۔ ان کو بنیاد بناکر آپ نے حضرت مفتی محمود صاحب کے درسی افادات کو تین جلدوں میں ''تفسیر محمود'' کے نام پر مرتب کیا۔ جو مارکیٹ میں مل جاتی ہے اس میں حضرت مولانا احمد علی لاہور کا ترجمہ متن نیچے درج کیا گیا ہے۔

ابھی حال (۲۰۲۲ء) میں جناب مولانا محمد زاہد انور شیخ الحدیث و مہتمم جامعہ عثمانیہ شورکوٹ ضلع جھنگ نے ''تلخیص البیان فی فہم القرآن'' کے نام سے دو جلدوں میں قرآن مجید کی تفسیر لکھی ہے۔ اس میں انہوں نے حضرت شیخ لاہوری کے ترجمہ قرآن عزیز کو شامل اشاعت کرکے سعادتوں کو سمیٹا ہے۔

اسی طرح حضرت لاہوری کے خطبات جمعہ بھی غالباً کسی نے شائع کئے تھے۔ آپ کے ۳۲ رسائل کا ایک مجموعہ تھا جو انجمن خدام الدین لاہور کے تحت شائع ہوتا رہا۔ شاید کمپیوٹر ایڈیشن بھی آگیا ہے۔ غرض حضرت لاہوری کے خطبات جمعہ، مجموعہ رسائل ہفت روزہ خدام الدین لاہور ہفت روزہ ترجمان اسلام لاہور، ترجمہ قرآن عزیز تو الحمدللہ بآسانی یا معمولی جدوجہد سے مل جاتے ہیں۔ لیکن آپ نے اپنی زندگی میں سالہا سال قرآن مجید کی تفسیر پڑھائی۔ بلامبالغہ سینکڑوں علماء، مشائخ اور جدید تعلیم یافتہ حضرات نے آپ سے تفسیر قرآن مجید پڑھی۔ ان میں شیخ التفسیر مولانا عبداللہ بہلوی، قبلہ حضرت مولانا میاں عبدالہادی دین پوری، مولانا ابوالحسن علی ندوی، مولانا بشیر احمد پسروری، مولانا ڈاکٹر سید شیر علی شاہ، مولانا عبیداللہ انور، مولانا قاضی زاہد الحسینی ایسے علم و فضل کے پہاڑ، شریعت و طریقت کے بحر ذخار بیسیوں کی تعداد میں شامل تھے۔

مولانا سمیع الحق کا شاہکار

لیکن ان حضرات میں سے قدرت حق نے یہ سعادت حضرت مولانا سمیع الحق شہید کے حصہ میں لکھی

تھی کہ آپ نے ۱۹۵۸ء میں چار ماہ (رمضان تا ذی الحجہ) حضرت امام لاہوری سے تفسیر پڑھی اور اپنے استاذ کے درسی افادات کو قید تحریر میں لاتے گئے۔ ۲۰۱۰ء کے بعد ان کے دل میں داعیہ پیدا ہوا کہ حضرت امام لاہوری کے تفسیری درسی افادات کو مرتب کر کے شائع کرنا چاہئے۔ پہلے تو اپنی درسی کاپیوں کو نئے سرے سے صاف کرایا۔ اس دوران بہت سارے حضرت لاہوری کے شاگردوں کے تحریر کردہ تحریری درسی افادات کے مسودے مل گئے۔ ان کو صاف تحریر کرایا۔ اس مجاہدہ کے لئے مولانا محمد فہد حقانی فاضل جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی کو حق تعالیٰ نے توفیق رفیق فرمائی کہ وہ اس کام کو سرانجام دینے کے لئے مل گئے۔ وہ مسودہ جات کی تبییض کے بعد حضرت مولانا سمیع الحق کو دکھاتے اور آپ ان پر نظر ثانی، حک واضافہ کرتے۔ یوں کئی سال کی شبانہ روز محنت سے ۲۷ پاروں پر کام ہمارے مخدوم حضرت مولانا سمیع الحق نے مکمل کرلیا۔ تین پاروں پر کام رہ گیا تھا کہ وہ اللہ رب العزت کے ہاں چل دیئے۔ اس کی تکمیل ونگرانی کے لئے حضرت مرحوم کے علمی جانشین، ماہنامہ الحق کے ایڈیٹر، جامعہ دارالعلوم حقانیہ کے فاضل اجل مدرس مولانا راشدالحق سمیع کو حق تعالیٰ نے قبول فرمایا۔

اس دوران میں دارالعلوم حقانیہ کا ترجمان ماہنامہ الحق اکوڑہ خٹک کا چار ضخیم جلدوں پر شاہکار نمبر بھی شائع کیا گیا اور تفسیر کے کام کو بھی ترجیحی بنیادوں پر آگے بڑھاتے رہے۔ تفسیر کا اکثر حصہ حضرت مولانا سمیع الحق شہیدؒ کی زندگی میں کمپوز ہوکر پروف ریڈنگ اور نظر ثانی کے مراحل طے کر چکا تھا۔ اس کام کو آپ کی شہادت کے بعد بڑی تیز رفتاری کے ساتھ جاری رکھا گیا۔ تاآں کہ ’’تفسیر لاہوری‘‘ کے نام پر یہ درسی افادات حضرت مولانا احمد علی لاہوری قریباً چھ ہزار صفحات پر مشتمل دس جلدوں کا حامل سیٹ منصۂ شہود پر آ گیا۔

فقیر راقم نے روزنامہ اسلام میں پڑھا کہ تفسیر چھپ گئی ہے، سالانہ ختم نبوت کورس چناب نگر سے واپسی پر ملتان دفتر میں حضرت مولانا ارشد الحق سمیع کی عنایت سے مکمل سیٹ نے آنکھوں کو نور اور دل کو سرور بخشا۔ دو دن تک اس کی ورق گردانی کا شرف حاصل کیا۔ پھر اپنے مخدوم زادہ مدظلہم کے حکم کی تعمیل میں محو قلم وقرطاس ہوگیا۔

ٹائیٹل پر درسی افادات حضرت مولانا احمد علی لاہوری، ضبط وتالیف حضرت مولانا سمیع الحق شہید، تکمیل ونگرانی مولانا ارشد الحق سمیع، ترتیب وتدوین مولانا محمد فہد حقانی کے اسماء گرامی ہیں۔ مؤتمر المصنفین جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک نے اسے شائع کیا۔ جلد بندی، کاغذ، کمپوزنگ، چھپائی عمدہ ذوق کا مظہر اتم ہیں۔

قریباً پون صدی بعد درسی افادات پر مشتمل ’’تفسیر لاہوری‘‘ کا دس جلدوں پر شایان شان شائع ہونا، حضرت الامام لاہوری کی کرامت اور حضرت مولانا سمیع الحق شہید کا عظیم شاہکار ہے۔ اس کی اشاعت

پر تمام حضرات جنہوں نے کسی بھی طور پر اس کی اشاعت میں حصہ لیا وہ سب ہزاروں ہزار مبارک باد کے مستحق ہیں۔اس تفسیر کی تکمیل کے لئے آخری سورت والناس کی تکمیل قبرستان حقانیہ میں مولانا سمیع الحق کی قبر مبارک پر کی گئی جوان حضرات کے ذوق عالی اور والہانہ محبت کی دلیل بیّن ہے۔

قدرحق کے اپنے فیصلے ہیں کہ ہزاروں بار خواہش کے باوجود اس تفسیر کے مؤلف ہمارے مخدوم مولانا سمیع الحق مرحوم اس کی اشاعت کا دیدار نہ کرسکے۔مولانا محمد فہد حقانی کتنے بخت آور ہیں کہ وہ اپنی محنت کا ثمرہ کتابی شکل میں ملاحظہ کرنے کی سعادت سے بہرہ ور ہوئے۔شیخ الاسلام حضرت مولانا محمد تقی عثمانی اور نامور علماء دین مولانا انوار الحق حقانی،مولانا عبدالقیوم حقانی،مولانا شاہد سہارن پوری،مولانا مفتی غلام الرحمٰن حقانی ایسے بیسیوں حضرات کی تقاریظ اس کاوش کی ثقاہت پر برہان قاطع ہیں۔

عرصہ بعد اس کتاب کے دیدار سے ایمان وروح کو ایسی بالیدگی ملی کہ مدتوں اس کی لذت سے طبیعت فرحاں رہے گی۔متن،ترجمہ،رکوع کا خلاصہ اور جگہ جگہ تفسیری وتوضیحی ارشادات،حالات حاضرہ کی تمام جزئیات تک کا واضح حل اور حکم اس تفسیر کی خوبی ہے۔رب کریم اپنے نبی مکرم ﷺ کے ذریعہ اپنی مخلوق کو ابدالاباد تک کے لئے کیا ارشاد فرمایا۔اس کا جواب یہ تفسیر لاہوری ہے۔جو سراپا سہل انداز میں مرتب ومہذب کی گئی اور یہ کہ سلف صالحین سے لے کر آج تک تمام تفسیروں کی تائید سے مزین ہے۔

ہر بات اصلاح خلق اور اتحاد امت کی نظیر ہے،تشتت وافتراق کے شائبہ سے بھی پاک ہے۔تفسیر قرآن مجید کی دنیا میں شاندار اور وقیع اضافہ ہے۔پڑھیں گے تو محسوس کرلیں گے کہ قرآن مجید کا ’’آسان فہم ‘‘آپ کے قلب وجگر میں خیمہ زن ہوگیا ہے۔قیمت درج نہیں۔ملنے کا پتہ:دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک ہے۔

ختم نبوت کانفرنس بھسین لاہور

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیر اہتمام ۱۰؍مارچ ۲۰۲۳ء کو سالانہ عظیم الشان ختم نبوت کانفرنس مرکزی عیدگاہ کھارہ کھوہ روڈ بھسین لاہور میں شیخ الحدیث مولانا مفتی محمد حسن کی سرپرستی اور ولی کامل مولانا محمد حنیف کی صدارت میں منعقد ہوئی۔کانفرنس میں حضرت مولانا اللہ وسایا،مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی،مولانا عزیز الرحمٰن ثانی،سرگودھا مجلس کے امیر مولانا نور محمد ہزاروی مبلغ ختم نبوت لاہور مولانا عبدالنعیم،مولانا خالد محمود،مولانا سعید وقار،قاری ظہور الحق،مولانا عبدالعزیز،سر محمد ارشاد،مولانا محمد عابد حنیف کمبوہ،مولانا محمد زبیر جمیل،مولانا عبیدالرحمٰن معاویہ،مولانا ابوبکر حسانی،مولانا سمیع اللہ سمیت کانفرنس میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے امت کے تمام طبقات نے بھرپور شرکت کی۔

انتخاب لاجواب

حافظ محمد انس

حضرت شیخ الہندؒ کا ترجمہ قرآن مجید اور مولانا عزیز گلؒ

حضرت شیخ الہندؒ نے قرآن حکیم کے ترجمہ اور ابتدائی سورتوں کی تفسیر کا اکثر کام مکہ مکرمہ اور طائف میں قیام کے دوران مکمل کرلیا تھا اور یہ اوراق ان کو بہت عزیز تھے اور وہ ان کی بہت حفاظت فرماتے تھے۔ جب ہمیں قید کر کے مصر سے مالٹا لے جایا جارہا تھا تو یہ بحری سفر تھا، جہاز روانہ ہونے کی تھوڑی دیر بعد خطرے کے سائرن بجنے لگے، ہمیں بتایا گیا کہ ایک شدید بحری طوفان کا خطرہ ہے اور طوفان کا رخ ہمارے جہاز کی طرف ہے، خطرے کے پیش نظر حفاظتی کشتیاں بھی جہاز کے ساتھ باندھ دی گئی تھیں اور ہمیں حفاظتی سامان بھی مہیا کر دیا گیا تھا۔ حضرت شیخ الہندؒ اور ہمارے دیگر رفقاء نے اپنے سامان کو سمیٹا اور پھر نہایت اطمینان کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہوئے۔ جہاز کا عملہ اور دیگر قیدی از حد پریشان تھے، ایسے میں حضرت شیخ الہندؒ نے فرمایا کہ اگر طوفان آیا تو سب کی حتی المقدور کوشش یہ ہوگی کہ اپنی جانوں کو بچائیں مگر مجھے قرآن مجید کے ترجمہ وتفسیر کے ان اوراق کی حفاظت کی فکر ہے، یہ متاع عزیز کہیں طوفان کی نظر نہ ہوجائے۔ لہٰذا انہوں نے مجھے (مولانا عزیز گلؒ) دے کر فرمایا کہ ہمارے ساتھیوں میں تم سب سے زیادہ طاقتور، لحیم جسیم اور قدرآور ہو، یہ متاع عزیز تمہارے سینے سے باندھ دیتے ہیں۔ دیگر ساتھی شاید طوفان کا مقابلہ نہ کرسکیں، ظاہری طور پر تم ہی سے یہ امید ہے کہ تم مقابلہ کر کے بحفاظت طوفان سے بچ سکو گے اس لئے یہ تمہارے سینے سے بندھواتے ہیں قرآن حکیم اور اس کے ترجمہ اور تفسیر کے اوراق کا وہ مسودہ میرے سینے سے باندھ دیئے گئے۔ اللہ کی قدرت دیکھیں کہ طوفان نے قریب آتے ہی اپنا رخ دوسری طرف کرلیا اور خطرہ ٹل گیا۔ (کوہ گراں ص۷۹، ۸۰)

حضور ﷺ کی زیارت

مولانا عزیر گلؒ کو ایک رات میں گیارہ مرتبہ حضور ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی۔ عشق رسول ﷺ مولانا عزیر گلؒ کا سب سے بڑا سرمایہ تھا۔ اسی دولت نے ان کو ایثار وقربانی اور عظمت کے بلند ترین مقام تک پہنچایا۔ دیوبند کے مشہور عالم وبزرگ حضرت میاں اصغر حسینؒ اور مشہور مجاہد مولانا عزیر گلؒ اسیر مالٹا دونوں حضرت مولانا محمود حسنؒ کے شاگرد آپس میں بے تکلف تھے۔ حضرت میاں صاحب عامل بھی تھے اور عام طور پر مشہور تھا کہ جنات ان کے زیر اثر ہیں۔ مولانا عزیر گل نے کسی دن حضرت میاں سے بے تکلفانہ انداز میں

فرمایا کہ تم بڑے بزرگ بنے پھرتے ہو، ہمیں حضور ﷺ کی زیارت کرادو۔ سردی کا موسم، رات کا وقت تھا، میاں صاحب نے مولانا عزیر گلؒ کو کھانا کھانے میں کافی تاخیر کی، پھر نماز عشاء اور چائے وغیرہ میں لگائے رکھا۔ دیوبند میں اس زمانہ میں آبادی بہت کم، سڑکیں خراب اور بجلی کی روشنی بالکل نہیں تھی۔ رات کے ۱۰، ۱۱ بجے کا عمل ہوگا تو حضرت میاں صاحب نے مولانا سے کہا کہ مولانا! اب اس اندھیرے میں آپ کہاں جائیں گے۔ آپ کا مکان بہت دور ہے، سڑکیں صاف نہیں، بس اب یہاں ہی آرام کیجئے۔ مولاناؒ مان گئے۔ حضرت میاں صاحب نے اپنے پلنگ پر مولانا عزیر گلؒ کو لٹا دیا۔ صبح سویرے مولانا عزیر گلؒ نے فرمایا کہ رات گیارہ دفعہ مجھے حضور ﷺ کی زیارت ہوئی، جس کروٹ لیٹتا تھا اسی کروٹ حضور ﷺ کے جمال سے مشرف ہو جاتا۔ (کوہ گراں ص ۱۳۰)

حضرت شیخ الہند کی نمائندگی

مالٹا سے رہائی کے بعد ۸؍جون ۱۹۲۰ء کو ہندوستان واپسی ہوئی، تحریک خلافت زوروں پر تھی۔ حضرت شیخ الہندؒ نے باوجود بیماری کے اس تحریک میں بھی زبردست حصہ لیا۔ تحریک خلافت کی بات چلی تو حضرت مدظلہ فرمانے لگے کہ ایک دفعہ کلکتہ میں خلافت کمیٹی کا ایک اہم جلسہ تھا، حضرت شیخ سے عرض کیا گیا کہ وہ اس جلسہ کی صدارت فرمائیں۔ حضرت شیخ تو بیماری کی وجہ سے نہ جاسکے۔ اپنی جگہ مجھے (مولانا عزیر گل) جانے کو کہا، میں بڑے غصے میں تھا، بہرحال تعمیل ارشاد کی اور میں کلکتہ پہنچا۔ جب میں نے مولانا شوکت علی مرحوم کو بتلایا کہ حضرت تو بوجہ بیماری تشریف نہیں لا سکے ہیں، البتہ انہوں نے مجھے اپنی جگہ بھیجا ہے تو شوکت علی پھولے نہیں سمائے، کہنے لگے کہ آپ کی شرکت کا مطلب یہ ہے کہ حضرت شیخ ہمارے شریک ہیں۔ مجھے سینے سے لگالیا، پھر مجھے پورے سٹیج پر گھمایا اور کہنے لگے کہ یہ حضرت شیخ الہندؒ کے نمائندے کی حیثیت سے اجلاس میں شریک ہیں۔ میں بعد میں ایک بوڑھے شخص کے ساتھ کرسی پر بیٹھ گیا، بعد میں پتہ چلا کہ یہ حضرت شیخ کے دوست حضرت مولانا تاج محمود امروٹیؒ ہیں، انہوں نے مجھ سے تنہائی میں میرا نام پوچھا تو میں نے عزیر گل بتلایا، فرمانے لگے نہیں...... محمد عزیر...... میرے نام کی تبدیلی حضرت امروٹی نے کی۔ اب اس کے بعد سے اکثر اپنا نام محمد عزیر لکھتا ہوں۔ (کوہ گراں ص ۱۵۲، ۱۵۳)

مولانا محمد عزیر گلؒ

حضرت مولانا حسین احمد مدنیؒ ان (مولانا عزیر گل) کے مزاج آشنا اور واقف رموز شخصیت تھے۔ انہوں نے انہیں تدریس کی جانب مائل کیا۔ لہٰذا ان کی تحریک پر مدرسہ رحمانیہ رڑکی جو اکابر کی یادگار تھا، اس کے صدر مدرس متعین ہوئے۔ یہاں سے مولانا عزیر گلؒ نے گلیم فقر اوڑھ لی۔ جہادی سرگرمیاں تو ختم ہو چکی

تھیں، سیاسی سرگرمیاں عروج پر تھیں۔ عزیر گلؒ نے تحریک خلافت میں بھرپور حصہ لیا۔ دیوبند کی خلافت کمیٹی کے صدر رہے اور درس وتدریس میں پورے انہاک سے مشغول ہوگئے، پھر ان کے کسی متحرک سیاسی کردار کا سراغ نہیں ملتا۔ البتہ جمعیت علمائے ہند کے مؤید رہے اور مولانا حسین احمد مدنیؒ سے وابستگی رہی۔ ۲۳ سال تک وہ رڑکی کے صدر مدرس رہے اور ۱۹۴۵ء میں وطن واپس آگئے، سخاکوٹ مردان میں آبائی زمین پر کچا مکان تعمیر کیا اور مستقل سکونت اختیار کرلی۔ (کوہ گراں ص۴۹)

منکیرہ تحفظ ختم نبوت کانفرنس

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت منکیرہ کے زیراہتمام عظیم الشان تحفظ ختم نبوت کانفرنس مسجد عائشہ صدیقہ میں ۲۳ فروری ۲۰۲۳ء بعد نماز عشاء منعقد کی گئی۔ جس میں عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے رہنماؤں نے شرکت اور خطابات کئے، شاہین ختم نبوت مولانا اللہ وسایا مدظلہ، مولانا پیر سیف اللہ احمد نقشبندی، مولانا محمد ساجد مبلغ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت نے خطابات کئے، کانفرنس کا آغاز حافظ جواد یوسف کی تلاوت اور مولانا قاسم گجر کی نعت مقبول سے ہوا، مولانا ضیاء الرحمٰن منکیرہ نے اسٹیج سیکرٹری کے فرائض سرانجام دیئے۔ کانفرنس میں علاقہ بھر کے علمائے کرام مولانا ضیاء الاسلام، مولانا عبداللطیف حیدرآباد، مولانا نادر تنویر مولانا عبدالرشید ۶۹ چک نمبر، مفتی اشفاق، مولانا نسیم مولانا اظہار الحق دریاخان چوہدری عثمان، امتیاز انجم، ودیگر احباب نے شرکت کی، مولانا عبدالماجد حیدری کی نگرانی میں کارکنان ختم نبوت نے بھرپور محنت کی۔

دریاخان تحفظ ختم نبوت کانفرنس

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت دریاخان کے زیراہتمام ۶/ مارچ ۲۰۲۳ء بعد نماز عشاء جامع مسجد فردوس میں تحفظ ختم نبوت کانفرنس منعقد ہوئی، تلاوت کلام سے اغاز ہوا، نعتیہ کلام حافظ ابوبکر مدنی کراچی نے پیش کیا، مفتی محمد راشد مدنی رحیم یارخان، مفتی انتظار دلیوالہ دریاخان، مولانا محمد ساجد ضلعی مبلغ کے خطابات ہوئے، کانفرنس میں مولانا محمود الحسن فریدی حافظ عبدالحمید ساجد جنرل سیکرٹری جمعیت علمائے اسلام بھکر ودیگر علماء کرام نے شرکت کی۔ اسٹیج کے فرائض مفتی محمد عمر جرار پنجگرائیں نے سرانجام دیئے، کانفرنس کے تمام انتظامات قاری ساجد اقبال انصاری کی نگرانی میں کارکنان عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت دریاخان نے سرانجام دیئے۔

مناظرۃ الہند الکبریٰ یعنی ہندوستان کا عظیم مناظرہ

قسط نمبر 16 ...... متکلم اسلام مولانا رحمت اللہ کیرانویؒ ...... ترجمہ: مولانا غلام رسول دین پوری

پادری فنڈر نے کہا: ایسے ’’سہوِ کاتب‘‘ سے متن میں کچھ خرابی پیدا نہیں ہوئی۔

قاضی القضاۃ محمد اسد اللہ صاحب: پوچھنے لگے کہ: ’’متن‘‘ کیا چیز ہے؟

پادری فنڈر نے اس سوال پر برہم ہوتے ہوئے کہا: کئی مرتبہ تو بیان اور ثابت کر چکا ہوں! اور کب تک بیان کرتا رہوں! پھر کہا: کہ ’’متن‘‘ سے مراد مسیح کی الوہیت، اور تثلیث اور کفارہ وشافع ہونا اور ان کی تعلیمات ہیں۔

فاضل مناظر شیخ رحمت اللہؒ نے فرمایا کہ: آپ کی طرح ’’ہنری واسکاٹ‘‘ کے جمع کرنے والوں نے بھی دعویٰ کیا ہے کہ اس قسم کی غلطیوں سے مقصودِ اصلی میں کوئی فرق نہیں پڑا لیکن یہ ہماری سمجھ میں نہیں آتا کہ جب تحریف بجمیع انواع قصداً وسہواً ثابت ہوگئی تو پھر کون سی دلیل کی ضرورت ہے؟ کہ اس سے (نو دس آیتیں جن میں تثلیث کا ذکر ہے) کوئی فرق نہیں پڑتا۔

پادری فنڈر نے کہا کہ: متن میں تحریف اس وقت ثابت ہوگی کہ کوئی ایسا قدیم نسخہ نکالو جس میں مسیح علیہ السلام کی الوہیت لکھی ہوئی نہ ہو، اور اس میں لکھی ہوئی ہو۔ اور اس میں مسیح علیہ السلام کا کفارہ ہونا لکھا ہوا نہ ہو اور اس میں لکھا ہوا ہو۔

شیخ رحمت اللہؒ نے فرمایا: ہمارے ذمہ صرف اتنی بات تھی کہ ان کتابوں کا مشکوک اور محرَّف ہونا ثابت کر دیں تو وہ بحمد اللہ ثابت ہوگیا۔ اور اتنا کچھ ثابت کرنے سے ساری کتاب مشکوک ہوگئی۔ لیکن آپ ہیں کہ بعض جگہ تحریف ثابت ہونے کا آپ اقرار بھی کرتے ہیں پھر اس کے باوجود بعض مقامات کی نسبت تحریف سے بچے رہنے کا دعویٰ بھی کیے جاتے ہیں تو اس کا ثبوت آپ کے ذمہ ہے نہ کہ ہمارے ذمہ۔ (کیونکہ ہمارا منصب اور ہمارا کام جو باہمی مراسلت اور خط وکتابت کے ذریعے طے شدہ باتوں اور آپ کے اقرار کے مطابق ’’نسخ، تحریف، اور تثلیث‘‘ کے مسائل پر اعتراض کرنا تھا، اور آپ کے ذمہ جواب دینا تھا، اور ہم نے اپنا فرض منصبی پورا کر دیا پھر ہم سے کس چیز کا مطالبہ؟)۔ نیز ایک اور بات بھی آپ سے دریافت کرنے کے قابل ہے کہ آپ کاتب کے ان سہوؤں میں سے کسی سہو کو جسے ہم ’’تحریف‘‘ کہتے ہیں، اور آپ نے اس وقت بھی اس کا اقرار کیا، تو کیا یہ مسلّمہ سہو تم سارے نسخوں میں تسلیم کرتے ہو یا نہیں؟

پادری فنڈر نے کہا کہ: ہاں! ایسا سہو تو سارے نسخوں میں پایا جاتا ہے۔

پادری فرنچ نے پادری فنڈر کو یہ بات کہنے سے روک دیا، تو اس پر۔

پادری فنڈر کہنے لگا: ہم سے غلطی ہوگئی، پادری فرنچ صاحب ٹھیک اور خوب کہتے ہیں۔

قاضی القضاۃ صاحب نے کہا: اب رجوع (کہ ہم سے غلطی ہوگئی) کا کیا فائدہ؟ اب کچھ نہیں بنتا، آپ کا قولِ اول سند و معتبر ہوگیا۔

پادری فنڈر نے کہا: نہیں! میں نے غلطی کی ہے، اور میں اس حوالے سے کوئی حتمی اور یقینی بات نہیں کہہ سکتا، ہاں! شاید وہ سہو ''عبری'' میں نہ ہو ''یونانی'' میں ہو، اور اس کے برعکس بھی ہوسکتا ہے۔

شیخ رحمت اللہؒ فاضل مناظر نے فرمایا: اگر ہم بعض ایسے مقام بتلادیں جن کے متعلق آپ کے مفسرین بھی اقرار کرتے ہوں کہ سابق میں ایسا تھا، اور اب ''عبری'' کے کسی نسخہ میں جس کو آپ بالفعل مستند سمجھتے ہیں، نہیں ہے۔ تو آپ اس کے متعلق کیا فرمائیں گے؟

پادری فنڈر نے کہا: اس سے ''متن'' میں نقصان لازم نہیں آتا۔

ڈاکٹر وزیر خان صاحب نے کہا کہ عبارت کے بہت سے اختلافات کے باعث بلاشبہ مقصودِ اصلی میں خلل پڑ جاتا ہے۔ فرض کیجئے! کہ اگر ''گلستان'' کے کئی ایک نسخے عبارت میں ایسے مختلف ہوں کہ ایک کی ترجیح دوسرے پر ممکن نہ ہو، تو ایسی صورت میں ہم جزم و یقین کے ساتھ نہیں کہہ سکتے کہ ''شیخ سعدیؒ'' کی عبارت یہ ہے، اور جہاں کہیں سینکڑوں مختلف نسخے ہوں اور ایک کو دوسرے پر ترجیح نہ دے سکیں تو وہاں بلاشبہ ممکن ہے کہ مقصودِ اصلی میں تغیر ہوجائے۔ اور ہمارے نزدیک ''انجیل'' فقط وہی تھی جو مسیح علیہ السلام کا قول ہے وہ بھی مشتبہ ہوگئی۔

پادری فنڈر نے کہا: اس بات کا مختصر سا جواب دیجئے! کہ آپ متن کو مانتے ہیں یا نہیں؟ اگر مانتے ہو تو آئندہ ہفتے اس پر مباحثہ کیا جائے گا، کیونکہ ہم باقی مباحثہ میں اس کتاب کی نقلی دلیلوں کے سوا کوئی دلیل اور نہیں لاسکتے ہیں۔ اور ہم عقل کو کتاب کا محکوم اور اس کے تابع جانتے ہیں، کتاب کو عقل کا محکوم نہیں سمجھتے۔

شیخ رحمت اللہؒ فاضل نے فرمایا: کہ جب ان کتابوں میں آپ کے اقرار سے بھی کمی بیشی ثابت ہوئی اور اس وجہ سے تحریف ثابت ہوگئی تو ہمارے نزدیک وہ مشتبہ ہیں۔ اور ہم ہرگز اس بات کے قائل نہیں ہیں کہ متن میں غلطی نہیں ہوئی۔ لہٰذا آئندہ کے دو مباحثوں (یعنی ''تثلیث'' اور ''آنحضرت ﷺ کی نبوت'' کے مباحثہ) میں ان کتابوں سے دلیل نہ لائیے گا! کہ ہم پر اس سے کوئی الزام نہیں آتا۔

پادری فرنچ نے کہا: کہ تم نے ہماری تفسیروں سے ان تحریفوں اور غلطیوں کو نکالا ہے اور وہ مفسر

حضرات تمہارے نزدیک بھی معتبر ہیں، تو ان مفسروں نے جس طرح ان مقامات کو لکھا ہے اسی طرح یہ بات بھی لکھی ہے کہ ان مقامات کے سوا اور کسی دوسرے مقام میں خرابی نہیں ہوئی، اور ایسا ہی کچھ ’’پادری فنڈر صاحب‘‘ نے کہا، ان سے آپ پوچھ سکتے ہیں۔؟

شیخ رحمت اللہ فاضل عالم نے فرمایا: کہ ہم نے ان علماء کے اقوال الزامی طور پر نقل کیے ہیں، نہ یہ کہ یہ لوگ ہمارے نزدیک معتمد اور ان کی ساری باتیں اعتبار کے لائق اور سند ہیں۔ اور ’’پادری فنڈر صاحب‘‘ کی طرف رخ کر کے کہا: کہ آپ نے ’’تفسیر بیضاوی‘‘ اور ’’کشاف‘‘ سے کچھ نقل کیا ہے یا نہیں؟

پادری فنڈر نے کہا: ہاں!

شیخ رحمت اللہ فاضل نے کہا: کہ جس طرح ان مفسرین نے ان باتوں کو لکھا ہے جن کو آپ نے اپنا مفید مطلب جان کر نقل کیا ہے، اسی طرح انہوں نے اور دیگر سب مفسرین نے بالاتفاق یہ بات بھی لکھی ہے کہ حضرت محمد ﷺ خدا تعالیٰ کے رسول ہیں اور ان (یعنی حضرت محمد ﷺ) کا منکر کافر ہے۔ اور قرآن پاک بے شک خدا تعالیٰ کا کلام ہے۔ تو کیا آپ حضرات ان مفسرین کے اس دوسرے قول کو بھی مانتے ہیں یا نہیں؟

پادری فنڈر نے کہا: نہیں!

شیخ رحمت اللہ نے فرمایا: کہ ہم بھی اسی طرح آپ کے مفسرین کے دوسرے قول کو نہیں مانتے۔

پادری فنڈر نے پھر یہی کہا: کہ آپ مختصر سا جواب (ہاں یا نہیں میں) دیجئے! کہ آپ متن کو مانتے ہیں یا نہیں۔

ڈاکٹر محمد وزیر خان صاحب نے کہا: کہ یہ سوال تفصیل طلب ہے۔ جب تک ہم ایک بات مکمل طور پر نہ کہہ لیں اور اس سے فارغ نہ ہو جائیں تب تک جواب نہیں دے سکتے۔

پادری فنڈر نے کہا: کہ مختصر کہیے! ہاں یا نہیں!

شیخ رحمت اللہ نے فرمایا: کہ ہم متن کو تسلیم نہیں کرتے، اور جب اس کتاب میں تحریف کا ہو جانا آپ کے اقرار سے بھی ثابت ہو چکا ہے اور پہلی مجلس میں سات آٹھ جگہ تو آپ نے آیتوں میں تحریف تسلیم بھی کی ہے، تو ہمارے نزدیک تو متن جسے آپ مقصودِ اصلی کہتے ہیں، مشتبہ ہو گیا۔ اور ہمارا منصب اس باب میں صرف اتنا ہی تھا کہ اس کتاب کا مشکوک اور محرَّف ہونا ثابت کر دیں۔ اور وہ خدا تعالیٰ کے فضل سے ظہور میں آ گیا اور متن یعنی مقصودِ اصلی میں عدم تحریف کا ثابت کرنا آپ کے ذمہ ہے۔ نہ کہ ہمارے ذمہ۔ اور ہم مباحثہ کے لئے دو مہینے تک حاضر ہیں، اور اس مباحثہ کے لئے ہم کچھ عذر نہیں رکھتے۔ مگر یہ کتاب ہمارے

لئے کسی طرح بھی حجت نہیں ٹھہر سکتی۔ اور اس سے دلیل پیش کرنا ہمارے الزام کے لئے کافی نہیں۔ اس کے سوا جو کچھ دلیل آپ کے پاس ہو خواہ تثلیث کے بارے میں خواہ آنحضرتﷺ کی نبوت اور رسالت کے بارے میں، اسے پیش کیجئے!

مولوی فیض احمد صاحب: سرشتہ دار نے پادری فنڈر کی طرف متوجہ ہو کر کہا: کہ تعجب ہے کہ کتاب میں تحریف واقع ہو اور متن میں کوئی خرابی واقع نہ ہو۔

اس پر مباحثہ ختم ہوا۔ اور فریقین ایک دوسرے سے رخصت ہوئے۔

بعد ازاں تقریری مباحثہ کی امید پر تحریری گفتگو (یعنی خط و کتابت) کا مرحلہ شروع ہوا مگر وہ امید پوری نہ ہوئی (یعنی دیگر مسائل پر مباحثہ نہ ہو سکا)۔

تم البحث و الکلام فی ’’مسئلة التحریف‘‘ تاما کاملا فالحمد للّٰہ علیٰ ذلک!

مباحثہ و مناظرہ تقریریہ کے بعد فریقین کے مابین’’مراسلت و مکاتبت‘‘ جاری ہے!!

ختم نبوت کورس اچھرہ لاہور

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت لاہور کے زیراہتمام ۱۳ تا ۱۹/ مارچ ۲۰۲۳ء کو سات روزہ شعور ختم نبوت کورس برائے خواتین مدرسہ جامعہ فاطمۃ الزہراء اچھرہ لاہور میں ہوا۔ کورس میں کثیر تعداد میں خواتین اسلام شریک ہوئیں۔ کورس میں عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت لاہور کے سیکرٹری جنرل و مہتمم مدرسہ ہذا مولانا علیم الدین شاکر، مبلغ ختم نبوت مولانا عبدالنعیم، مولانا عبدالعزیز، مولانا نیاز احمد، انجینئر حافظ نعیم الدین شاکر و دیگر علماء نے لیکچرز دیئے۔ کورس سے خطاب کرتے ہوئے علماء کرام نے کہا کہ عقیدہ ختم نبوت اسلام کی روح اور بنیاد ہے، عقیدہ ختم نبوت ایمان رکھے بغیر کوئی آدمی مسلمان نہیں ہو سکتا خواتین نے اسلام کے لئے عظیم قربانیاں دیں، اسلام کی ترویج اور اشاعت میں خواتین کا کردار کسی سے ڈھکا چھپا نہیں۔ خواتین اسلام اپنا آئیڈیل امہات المومنین، بنات رسول اور صحابیات کو بنائیں اور اپنی زندگی ان کے طریقوں کے مطابق بسر کریں۔ کورس کی اختتامی تقریب ہفتہ کو منعقد ہوئی۔ جس میں تمام شرکاء کورس کو تعریفی اسناد اور ختم نبوت کے متعلق لٹریچر دیا گیا۔ مدرسہ کی جانب سے امتحان میں اول دوم سوم آنے والی خواتین کو خصوصی انعامات اور شیلڈز دی جائیں گی۔ کورس کی اختتامی دعا عالمی مجلس لاہور کے نائب امیر پیر میاں محمد رضوان نفیس نے کرائی۔

مولانا قاری جمیل الرحمٰن اختر لاہور

(۲۰رمئی ۱۹۵۹ء......۱۷رمارچ ۲۰۲۳ء)

مولانا اللہ وسایا

لاہور میں ایک بزرگ مولانا محمد اسحٰق قادری تھے جو دارالعلوم دیوبند کے فاضل اور شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد مدنی کے شاگرد رشید تھے اور شیخ التفسیر مولانا احمد علی لاہوری سے روحانی تعلق تھا۔ ان کے ہاں ایک بیٹا باغبان پورہ لاہور میں پیدا ہوا۔ ان کا نام حضرت لاہوری نے جمیل الرحمٰن اختر تجویز کیا اور گھٹی بھی دی۔ یہ بچہ آگے چل کر مولانا قاری جمیل الرحمٰن اختر کے نام سے جانے پہچانے گئے۔

قاری جمیل الرحمٰن نے ناظرہ قرآن مجید گھر پر والدین سے پڑھا۔ مدرسہ جامعہ قادریہ لاہور میں قاری بشیر احمد اور مدرسہ عربیہ اسلامیہ فاروق آباد ضلع شیخوپورہ میں قاری محمد صدیق سے قرآن مجید حفظ کیا۔ ۱۹۷۵ء میں درجہ فارسی صرف ونحو جامعہ نصرت العلوم گوجرانوالہ میں پڑھا۔ ۱۹۷۷ء میں خطیب اسلام مولانا قاری محمد اجمل خان نے جامعہ رحمانیہ قلعہ گجر سنگھ لاہور میں درجہ کتب کا آغاز کیا اس کی افتتاحی تقریب میں مولانا عبیداللہ انور، مولانا محمد اسحاق قادری، مولانا حمید الرحمٰن عباسی شریک ہوئے۔ قاری جمیل الرحمٰن اختر کو درجہ کتب میں پہلے طالب علم کا اعزاز حاصل ہوا۔ اگلے سال ۱۹۷۸ء میں جامعہ رشیدیہ ساہی وال میں داخلہ لیا اور پھر موقوف علیہ تک چار سال یہاں پڑھا۔ حضرت مولانا محمد عبداللہ رائے پوری، علامہ مولانا غلام رسول، مولانا مفتی مقبول احمد، مولانا حافظ محمد صدیق، مولانا مختار احمد مظاہری ایسے اساتذہ سے کسب فیض کیا۔ اس زمانہ میں آپ کے ہم درس حضرات میں مولانا طارق جمیل خطیب اسلام بھی شامل تھے۔ اگست ۱۹۸۲ء سے مئی ۱۹۸۳ء دورہ حدیث شریف جامعہ نصرت العلوم گوجرانوالہ سے کیا۔ آپ کے اساتذہ میں شیخین کریمین بھی تھے۔ اپنے والد گرامی مولانا محمد اسحٰق قادری اور مولانا سرفراز خان صفدر سے گویا دو دفعہ دورہ تفسیر بھی کیا۔ فراغت سے تین سال بعد تک مسلم کالونی شالیمار میں خطبہ جمعہ ارشاد فرماتے رہے۔ ۱۹۸۷ء میں اپنے والد گرامی کی موجودگی میں ان کے حکم پر جامع مسجد امن سے خطاب جمعہ کا آغاز کیا اور پھر زندگی کے آخر تک اس سلسلہ کو استقامت سے جاری رکھا۔ کچھ عرصہ (۱۹۸۳ء سے ۱۹۸۹ء) اسی مسجد امن جامعہ قادریہ حنفیہ میں درس نظامی کی بھی تدریس کی۔ زمانہ طالب علمی میں جمعیۃ طلباء اسلام کے پلیٹ فارم سے ۱۹۷۴ء تحریک ختم نبوت، ۱۹۷۷ء کی تحریک نظام مصطفیٰ، ۱۹۸۴ء کی تحریک ختم نبوت میں سرگرم عمل رہے۔ آپ خوب نظریاتی

عالم دین اور بھرپور متحرک مذہبی رہنما تھے۔ زندگی بھر جمعیۃ علماء اسلام اور مجلس تحفظ ختم نبوت کے پلیٹ فارم سے بھرپور خدمات جلیلہ انجام دیں۔ پاکستان شریعت کونسل کے مرکزی اور صوبائی عہدوں پر فائز رہے اور مولانا زاہد الراشدی کے دست و بازو کا مقام آپ کو حاصل تھا۔ اپنے والد گرامی مولانا محمد اسحٰق قادری اور امام اہل سنت مولانا سرفراز خان صفدر سے خلافت کا بھی اعزاز حاصل کیا۔

مولانا قاری جمیل الرحمٰن اختر نے سید امین گیلانی کے کلام کا ایک مجموعہ ''نفیر ایمان'' کے نام پر شائع کیا۔ مولانا عبدالشکور دین پوری، مولانا زاہد الراشدی، مولانا عبدالکریم ندیم کے خطبات بھی کئی جلدوں میں آپ نے شائع کرائے۔ مولانا نور محمد تونسوی کی کتاب ''الحیات بعد الممات'' یعنی قبر کی زندگی جیسی ضخیم کتاب الفرقان لکھنؤ کا شاہ ولی اللہ نمبر بھی شائع کیا۔ ایصال ثواب، سیدنا فاروق اعظم، سیدنا عثمان غنی، خود بھی کئی رسائل تصنیف کئے۔ عرصہ تک شریعت کونسل پاکستان کے ترجمان ماہنامہ نوائے شریعت کے بھی ایڈیٹر رہے۔ مسجد امن باغبان پورہ لاہور میں قرآن مجید کا یومیہ درس چار بار مکمل کیا۔

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت نے ایک تبلیغی رابطہ کمیٹی مقرر کی قاری جمیل الرحمٰن اختر اس کے روح رواں تھے۔ بادشاہی مسجد لاہور، مینار پاکستان، جامعہ اشرفیہ فیروز پور روڈ، جامعہ مدنیہ رائے ونڈ، چونگی امرسدھو اقراء روضۃ الاطفال، شالیمار باغ میں بڑی بڑی درجن بھر کانفرنسوں کے انعقاد میں قاری جمیل الرحمٰن اختر کو وہی مقام حاصل تھا جو جسم میں روح کا ہوتا ہے۔ قاری جمیل الرحمٰن ہمیشہ چنیوٹ اور پھر چناب نگر ختم نبوت کانفرنسوں میں شریک ہوتے تھے۔ آپ کا بیان بھی ہوتا تھا۔ عرصہ سے جگر کے مرض نے گھیر رکھا تھا۔ آپ ایسے بہادر انسان تھے کہ اس شدید حملہ کے دوران بھی اپنی سرگرمیوں کو جاری رکھا۔ صحت و بیماری کے باوجود آپ کے معمولات میں فرق نہیں آیا۔ آپ کی خوبی تھی کہ ملک بھر میں کسی بزرگ عالم دین اور تعلق دار کا جنازہ ہوتا طویل سفر کر کے بھی اس میں شریک ہوتے۔ اپنے رفقاء کے ساتھ سال میں ایک بار آپ کا تفریحی سفر ہوتا لیکن اسے بھی تبلیغی اور اصلاحی بنا لیتے۔ یوں پورے ملک کی خانقاہوں کے مشائخ عظام کے مزارات پر حاضری کا شرف حاصل کیا۔ ملک میں کہیں کسی نے کسی بے دین فتنہ کے خلاف آواز بلند کی آپ اس کی اعانت کو اپنے اوپر فرض کر لیتے۔ خیر کے کاموں میں کبھی پیچھے نہ رہنے والے رہنما تھے۔ آپ کی گراں قدر متنوع خدمات کا احاطہ کرنا مشکل ہو رہا ہے۔ ایک اچھے انسان، بلند پایہ دوست، مبلغ مجاہد انسان، آخر عمر میں بیماری کے ہاتھوں بستر پر لگ گئے۔

۱۷ ؍ مارچ کو صبح وصال ہوا، اس دن آپ کے صاحبزادہ اور جانشین پیر جی مولانا قاری محمد زبیر نے جنازہ پڑھایا، ہزاروں کا اجتماع تھا، تاریخ کا ایک باب مکمل ہوا۔ مگر ان کی یادیں مدتوں نہ بھلائی جا سکیں گی۔ حق تعالیٰ انہیں جنت میں اعلیٰ مقام سے سرفراز فرمائیں اور ان کے پسماندگان کے حامی و کفیل ہوں۔ آمین!

مرزا قادیانی اور اس کی عبادت

مولانا منظور احمد چنیوٹی رحمۃ اللہ علیہ

''قال اللّٰہ تعالٰی: انھم یسارعون فی الخیرات ویدعوننا رغباً ورھباً''

اس آیت شریفہ میں اللہ تبارک وتعالیٰ انبیاء کرام علیہم السلام کی ایک امتیازی شان بیان فرماتے ہیں کہ فرائض تو فرائض رہے وہ معمولی بھلائی اور نیکی کے کاموں میں بھی پیش پیش رہتے ہیں۔ سید الاولین والآخرین نبی کریم ﷺ کی زندگی پر ذرا اجمالی نظر ڈالئے کہ اگر رات کو نوافل شروع کئے ہیں تو پاؤں متورم ہوگئے۔ روزے رکھنے لگے ہیں تو لگا تار روزے ہی رکھے۔ صدقات کے میدان میں آتے ہیں تو اس میں بھی یہی حالت نمایاں ہے جو چیز گھر میں آئی اس وقت تک نیند نہیں کی۔ جب تک اس کو تقسیم نہیں کر دیا۔ باوجود تمام دنیا کی بادشاہت کے گھر میں وہی نان جویں وہ بھی کبھی میسر آتی، کبھی نہیں۔ مہینوں بھر چولہے میں آگ تک نظر نہیں آتی تھی۔ جہاد کا موقع آیا ہے تو اس میں بھی ہر ایک سے آگے ہیں۔ ہر سختی کے موقع پر اپنی ہمت اور بہادری کا ثبوت پیش کر کے مثال قائم کر دی۔ حتیٰ کہ بدن مبارک زخمی اور دندان مبارک تک شہید ہوگئے۔ غرضیکہ نیکی کے جس میدان میں بھی قدم رکھا کسی کو سبقت نہیں لینے دی اور بلندی کے اس مقام تک پہنچایا جہاں کسی کا وہم وگماں بھی نہ پہنچ سکے۔ نبی صادق فداہ ابی وامی کی حیات طیبہ میں یہ سب چیزیں آپ کو نمایاں نظر آئیں گی۔ حضور اکرم ﷺ کے یہ حالات مثل نصف النہار کے خوب آشکارا ہیں۔ اب ذرا مرزا غلام احمد قادیانی کے مختصر حالات بھی ملاحظہ ہوں۔ نفلی عبادت تو کجا اس کے ہاں فرائض کی کس حد تک پابندی تھی، رغبت الی اللہ اور استغراق فی اللہ کے بجائے رغبت الیٰ الاموال اور استغراق فی النسا کیسا تھا۔ ذرا ملاحظہ فرمایئے اور پھر خود ہی فیصلہ کیجئے۔ کیا یہ انسان نبی ہوسکتا ہے بلکہ دعویٰ تو افضل الانبیاء ہونے کا ہے۔

مرزا قادیانی کی نماز

''خاکسار عرض کرتا ہے (بشیر احمد ایم.اے ناقل) کہ یہ بھی درست ہے کہ ایک لمبے عرصہ تک نمازیں جمع ہوتی تھیں۔ گو سنہ کے متعلق مجھے کوئی ذاتی علم نہیں تھا۔ مگر اب میں نے دیکھ لیا ہے کہ یہی سنہ درست ہے۔'' (۱۹۰۱ء ناقل) (سیرۃ المہدی حصہ سوم ص ۲۰۲)

نتیجہ یہ نکلا کہ مرزا غلام احمد قادیانی عرصہ دراز تک نمازیں جمع کرتا رہا۔ اب شریعت محمدی میں کوئی دکھائے کہ سوائے ایام حج کی چار نمازوں کے بلا عذر نمازیں جمع کرنا کہاں جائز ہے؟

مرزا قادیانی اور روزے

’’بسم اللہ الرحمٰن الرحیم! بیان کیا مجھ سے حضرت والدہ صاحبہ نے کہا کہ جب حضرت مسیح موعود (مرزا قادیانی) کو دورے پڑنے شروع ہوئے تو آپ نے اس سال سارے رمضان کے روزے نہیں رکھے اور فدیہ ادا کر دیا۔ دوسرا رمضان آیا تو آپ نے روزے رکھنے شروع کئے۔ مگر آٹھ نو روزے رکھے تھے کہ پھر دورہ ہوا۔ اس لئے باقی چھوڑ دے اور فدیہ ادا کر دیا۔ اس کے بعد جو رمضان آیا تو اس میں آپ نے دس گیارہ روزے رکھے تھے کہ پھر دورہ کی وجہ سے روزے ترک کرنے پڑے اور آپ نے فدیہ ادا کر دیا۔ اس کے بعد جو رمضان آیا تو آپ کا تیرھواں روزہ تھا کہ مغرب کے قریب آپ کو دورہ پڑا۔ آپ نے روزہ توڑ دیا اور باقی روزے نہیں رکھے اور فدیہ ادا کر دیا۔ اس کے بعد جتنے رمضان آئے۔ آپ نے سب روزے رکھے مگر پھر وفات سے دو تین سال قبل کمزوری کی وجہ سے روزے نہیں رکھ سکے اور فدیہ ادا فرماتے رہے۔ خاکسار (بشیر احمد ناقل) نے دریافت کیا کہ جب آپ نے ابتداء دوروں کے زمانہ میں روزے چھوڑے تو کیا پھر بعد میں ان کا قضا کیا والدہ صاحبہ نے فرمایا کہ نہیں صرف فدیہ ادا کر دیا۔‘‘ (سیرۃ المہدی ص ۶۵ حصہ اوّل)

اب مرزائی صاحبان بتائیں کہ باوجود قدرت کے فدیہ ادا کرنا کہاں جائز ہے۔ جب درمیان میں تندرست ہوگیا تھا تو اسی فدیہ پر اکتفاء کیوں کیا۔ اللہ تعالیٰ تو یہ فرماتے ہیں: ’’فمن کان منکم مریضاً او علیٰ سفر فعدّة من ایام اخر‘‘ کہ تم میں سے جو مریض ہو یا سفر میں ہو وہ بعد میں اتنے دنوں کے روزے قضاء رکھ لے۔ لیکن مرزا قادیانی نے باوجود قوت وطاقت کے اسی فدیہ پر اکتفاء کیا اور روزوں کی قضاء نہ کی۔ اب آپ ہی بتائیں کہ مرزا غلام محمد نے اس نص فرقانی اور حکم رحمانی کی مخالفت اور اس سے روگردانی کی یا نہیں۔

مرزا غلام احمد اور اس کے حج اور اعتکاف اور زکوٰۃ

’’ڈاکٹر میر محمد اسماعیل صاحب نے مجھ سے بیان کیا کہ حضرت مسیح موعود نے حج نہیں کیا۔ اعتکاف نہیں کیا۔ زکوٰۃ نہیں دی۔‘‘ (سیرۃ المہدی ص ۱۱۹ حصہ سوم)

اب ہم مرزائیوں سے پوچھتے ہیں کہ وہ خود فیصلہ کر کے بتائیں کہ جو شخص ہزاروں لاکھوں کی جائیداد ہوتے ہوئے زکوٰۃ نہ دے۔ اس کا حشر کیسا ہوگا اور قیامت کے دن ایسے کی حالت بروئے قرآن شریف کیا ہوگی۔ ذرا غور کیجئے۔ زکوٰۃ نہ دینے والوں کے لئے تو خود باری تعالیٰ نے صاف اور صریح لفظوں میں اعلان فرمادیا کہ اس کو اپنے ہی مال سے قیامت کے دن پیشانی اور پہلوؤں اور پیٹھ میں داغ دیئے جائیں گے اور باوجود قدرت کے حج نہ کرنے والے کے لئے آنحضرت ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ ’’فلیمت یهودیا او نصرانیا او کما قال‘‘ ایسا شخص یعنی تارک حج چاہے یہودی ہو کر مرے یا عیسائی ہو کر۔ اطاعت وعبادت خداوندی تو سطور

بالا سے جو کچھ ہے ظاہر ہے۔ انگریزوں کی اطاعت اور اخیر دم تک اس محسن گورنمنٹ کی تعریف میں رطب اللسان رہا۔ حتیٰ کہ اس امر کی خوشنودی حاصل کرنے کی خاطر جہاد جیسے فریضہ کو بھی حرام ٹھہرایا اور مسلمانوں کے قلوب سے جذبہ جہاد کو ختم کر کے اپنی محسن گورنمنٹ کی وفاداری کا ثبوت دیا۔ چنانچہ ایک دو حوالے اس کے بھی ملاحظہ ہوں۔

’’گورنمنٹ محسنہ سے ہرگز جہاد درست نہیں بلکہ سچے دل سے اطاعت کرنا ہر ایک مسلمان کا فرض ہے۔‘‘ (تبلیغ رسالت ص ۶۵ جلد ششم)

’’اس گورنمنٹ برطانیہ کے سچے شکر گزار اور قدردان رہنے کی کوشش اور تدبیریں کی جائیں گی۔‘‘

(آئینہ کمالات اسلام ص ۵۰۲، خزائن ج ۵ ص ایضاً)

’’اس فرقہ میں تلوار کا جہاد بالکل نہیں اور نہ اس کی انتظار ہے بلکہ یہ مبارک فرقہ نہ ظاہر طور پر اور نہ پوشیدہ طور پر جہاد کی تعلیم کو ہرگز جائز نہیں سمجھتا اور قطعاً اس بات کو حرام جانتا ہے۔‘‘ (اشتہار واجب الاظہار ۴ نومبر ۱۹۰۰ء)

اب چھوڑ دو جہاد کا اے دوستو خیال　　دین کے لئے حرام ہے اب جنگ و جدال
اب آ گیا مسیح جو دین کا امام ہے　　دین کے تمام جنگوں کا اب اختتام ہے
اب آسمان سے نور خدا کا نزول ہے　　اب جنگ اور جدال کا فتویٰ فضول ہے
دشمن ہے وہ خدا کا جو کرتا ہے اب جہاد　　منکر نبی کا ہے جو یہ رکھتا ہے اعتقاد

(دینی جہاد کی ممانعت کا فتویٰ ص ۱، خزائن ج ۱۷ ص ۷۷، ۷۸)

اب قارئین کرام اس حقیقت کے منکشف ہو جانے کے بعد (یعنی مرزا قادیانی کے ادائے فرائض) اس کے بیٹے خلیفہ محمود احمد کی اپنے باپ کے حق میں ایک لاف زنی بھی ملاحظہ فرمادیں: ’’میرا یہ مذہب ہے کہ آپ اپنی وفات تک احکام اسلام کی پیروی کے پابند تھے بلکہ میرا یہاں تک مذہب ہے کہ تیرہ سو سال میں رسول اللہ ﷺ کے زمانہ سے آج تک امت محمدیہ میں کوئی ایسا نہیں گزرا جو آنحضرت ﷺ کا ایسا فدائی اور ایسا مطیع اور ایسا فرمانبردار ہو۔ جیسا کہ حضرت مسیح موعود تھے۔‘‘ (حقیقت النبوۃ ص ۵ حصہ اوّل)

اب صاحب انصاف حضرات! خلیفہ محمود کی مذکورہ بالا لاف زنی اور دروغ گوئی پر خود ہی بنظر انصاف غور فرمائیں کہ کہاں تک صداقت پر مبنی ہے۔

ببیں تفاوت راہ از کجاست تا بہ کجا

اگر اطاعت اور فرمانبرداری اسی کا نام ہے جو کہ آپ حضرات نے مذکورہ بالا سطور میں ملاحظہ فرمائی تو نہ معلوم بے فرمانی اور طغیانی پھر کس بلا کو کہتے ہیں۔ برعکس نام نہند زنگی را کافور!

(الصدیق ج ۸ ش ۱۰ ص ۳۳ تا ۳۶، شوال ۱۳۷۷ھ/ اپریل و مئی ۱۹۵۸ء)

محاسبہ قادیانیت جلد ۲۷ کا دیباچہ

مولانا اللہ وسایا

اجمالی فہرست رسائل مشمولہ ...... محاسبہ قادیانیت جلد ۲۷

☆	عرض مرتب	مولانا اللہ وسایا	۴
۱	فیصلہ عدالت ہائی کورٹ آسمانی بنام منظوری اپیل غلام احمد قادیانی	مولانا منشی امام الدین لاہور	۱۱
۲	مرزا قادیانی اوران کے الہامات آسمانی	جناب منشی محمد یعقوب پٹیالوی	۹۳
۳	مرزائیت پر تبصرہ نمبر۱	مولانا ابوالحسنات سید محمد احمد قادری	۱۰۹
۴	مرزائیت پر تبصرہ نمبر۲ ’’مرزا کی کہانی مرزا کی زبانی‘‘	،، ،، ،،	۱۲۵
۵	قادیان میں پنجتن پاک	سید امداد اللہ جنڈیالہ ضلع جالندھر	۱۵۱
۶	القول المقبول فی اثبات حیاۃ المسیح والنزول المعروف به رد قادیانی	مولانا سید ابونور ناظر شاہ بخاری	۱۵۵
۷	البلاغ المبین فی اثبات ان غلام احمد لیس من المسلمین‘‘	مولانا ابورشید احمد الدین شاجہانپوری	۱۷۱
۸	دواستفتاء مع ایک ضمیمہ دررد قادیانی	مولانا سید محمد ابوالقاسم حسنی حسینی	۱۸۵
۹	کیا مرزا غلام احمد قادیانی نبی ہے؟	محترم منور اختر گوجرانوالہ	۲۱۱
۱۰	دجل دجال	مولانا مولوی محمد ظہیر الدین سیالکوٹی	۲۵۳
۱۱	قول الحق المعروف به المسیح الموعود‘‘	مولانا ابوصالح محمد عثمان نصیرآبادی	۲۹۷
۱۲	سیف القهار علی عنق امام الاشرار‘‘	جناب محمد علی خان گوجرانوالہ	۳۸۳
۱۳	مرزائیاں دی ماں‘‘	فاتح قادیان مولانا محمد حیات	۳۹۷
۱۴	عصمت انبیاء اور قادیانی مشن	جناب ڈاکٹر میر فقیر اللہ شیدا گوجرانوالہ	۴۰۷
۱۵	اظہار صداقت بجواب اظہار حقیقت	،، ،، ،،	۴۲۳
۱۶	قادیانی نبی کی ننگی تصویر (حصہ اوّل)	حاجی محمد عمر اسلامی لائبریری شیخوپورہ	۴۴۱
۱۷	،، ،، (حصہ دوم)	،، ،، ،،	۴۵۷

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عرض مرتب

الحمدللہ وکفی وسلام علی عبادہ الذین اصطفٰی خصوصاً علٰی سیدالرسل وخاتم الانبیاء. امابعد!

اللہ رب العزت کی عنایت کردہ توفیق کے ساتھ محاسبہ قادیانیت کی ستائیسویں جلد پیش خدمت ہے۔اس میں جو رسائل شامل اشاعت ہیں ان کی تفصیل یہ ہے۔

۱/۱۱/۷...... فیصلہ عدالت ہائی کورٹ آسمانی بنام منظوری اپیل غلام احمد قادیانی

یہ رسالہ جناب مولانا منشی امام الدین ولد علی بخش قوم پراچہ ساکن لاہور محلّہ پیر گیلانیاں کا مرتب کردہ ہے۔اس کا باعث یہ ہوا کہ’’ان کے مرحوم بھائی منشی الہ دین کو خواب میں دیکھا کہ وہ ایک پلنگ پر لیٹے ہوئے چند اوراق ہاتھ میں لئے ہوئے پڑھ رہے ہیں۔ دوسرے بھائی چوہدری نبی بخش بی.اے.ایل.ایل.بی پلیڈر چیف کورٹ نے پوچھا کہ کس مقدمہ کے کاغذات ہیں۔جن کے دیکھنے میں ہمہ تن مصروف ہیں۔کہا کہ وہی فیصلہ ہائی کورٹ آسمانی دیکھ رہا ہوں۔ بیشک مرزا قادیانی نے احکام ربانی کے برخلاف اپنی کتابوں کا منہ کالا کیا ہے۔علماء عرب وعجم کے فتوؤں کے مطابق اور اس فیصلہ کی رو سے بھی کافر بلکہ اکفر پکارا جاتا ہے‘‘اس خواب کی تعبیر سب حضرات نے یہ کہی کہ ایک رسالہ مرزا کے کفر پر لکھ کر شائع کیا جائے اور وہ منشی الہ دین مرحوم کے ایصال ثواب کے لئے مفت میں تقسیم کیا جائے۔چنانچہ مؤلف امام الدین مرحوم نے یہ اسی صفحات کا رسالہ شائع کیا۔

یاد رہے کہ ایک مولانا امام الدین گجراتی تھے ان کے دو رسائل رسالہ ملعون قادیان کے خلاف شائع ہوئے: ایک احتساب قادیانیت ج ۳۸ میں اور دوسرا محاسبہ قادیانیت جلد ۲۶ میں۔اس رسالہ کے مصنف بھی مولانا منشی امام الدین ہیں۔لیکن یہ لاہوری ہیں۔ان کا یہ رسالہ محاسبہ کی اس جلد ستائیس میں شائع ہو رہا ہے۔

ہاں یہ بھی قابل ذکر ہے کہ مولانا منشی امام الدین لاہوری محلّہ پیر گیلانیاں کے دو رسالے ملعون قادیان کے خلاف محاسبہ قادیانیت کی جلد بارہ (۱۲) میں شائع ہو چکے ہیں۔

۱...... مرزا کیدیانی اور اس کے الہام شیطانی محاسبہ ج ۱۲ص ۹۱ تا ۹۶

۲...... نیزۂ امام بر سینہ غلام 〃 ص ۹۷ تا ۱۰۴

اور اب یہ تیسرا رسالہ شائع ہو رہا ہے۔ مولانا امام الدین گجراتی اور مولانا امام الدین لاہوری دونوں ملعون قادیان کے زمانہ کے تھے اور ملعون قادیان کی دھجیاں اڑانے میں پیش پیش تھے۔ دونوں کے نام کا ابتدائیہ امام تھا اور وہ میرے امام تھے اس لئے کہ ارذل الحمقاء ملعون قادیان کو تگنی کا ناچ نچانے میں امام کا ہی کردار ادا کیا کرتے تھے۔ یہ رسالہ ۲۳؍جولائی ۱۹۰۷ء کو شائع ہوا۔

۱۱۷۸/۲...... مرزا قادیانی اور ان کے الہامات آسمانی

جناب منشی محمد یعقوب پٹیالوی کا ایک مضمون ہے جو ماہنامہ المظاہر سہارنپور کی اشاعت رجب، شعبان، رمضان ۱۳۴۷ھ مطابق جنوری، فروری، مارچ ۱۹۲۹ء میں شائع ہوا۔

یاد رہے کہ (۱) تحقیق لاثانی (۲) عشرہ کاملہ آپ کی رد قادیانیت پر دو کتابیں ہم احتساب قادیانیت کی جلد ۱۸ ص ۱۲۷ سے ۵۰۸ تک شائع کر چکے ہیں۔ (۳) اب ’’مرزا قادیانی اور ان کے الہامات آسمانی‘‘ محاسبہ کی اس جلد ۲۷ میں شائع کرنے کی سعادت حاصل کر رہے ہیں۔ (۴) ان کا ایک مضمون ’’زلزلہ قادیانی‘‘ بھی المظاہر سہارنپور میں شائع ہوا۔ خدا کرے دستیاب ہو جائے تو وہ بھی شائع کرنے کا ہے۔

۱۱۷۹/۳...... مرزائیت پر تبصرہ نمبر۱

۱۱۸۰/۴...... مرزائیت پر تبصرہ نمبر۲ ’’مرزا کی کہانی مرزا کی زبانی‘‘

یہ دونوں رسائل حضرت مولانا ابوالحسنات سید محمد احمد قادری خطیب مسجد وزیر خان کے مرتب کردہ ہیں۔ آپ تحریک ختم نبوت ۱۹۵۳ء کے میر کارواں اور بریلوی مکتب فکر کے نامور رہنما تھے۔ بایں ہمہ ان کی رواداری کا یہ عالم ہے کہ اپنے ان دونوں رسائل میں مولانا حبیب اللہ امرتسری اور مولانا لال حسین اختر کے رسائل کو شامل مضمون کیا ہے۔ ان دو رسائل کے علاوہ:

۳...... مرزائیت پر تبصرہ نمبر۳: کرشن قادیانی کے بیانات ہذیانی۔

۴...... 〃 〃 نمبر۵: قادیانی مسیح کی نادانی خلیفہ کی زبانی۔

۵...... اکرام الحق کی کھلی چٹھی کا جواب۔ یہ ہم احتساب قادیانیت ج ۲۹ ص ۶۳ تا ۱۲۰ پر شائع کر چکے ہیں۔

افسوس کہ مرزائیت پر تبصرہ نمبر۴، ابھی تک ہمیں موصول نہیں ہوا۔ مفتی محمد امین کراچوی نے عقیدہ ختم نبوت میں مولانا ابوالحسنات قادری کا صرف ایک رسالہ شائع کیا ’’اکرام الحق کھلی چٹھی کا جواب‘‘ باقی انہیں یہ رسائل نہ ملے یا شائع نہ کئے؟

۱۱۸۱/۵ قادیان میں پنجتن پاک

سید امداد اللہ بانی و مہتمم مدرسہ اہل سنت و جوہا خورد ڈاک خانہ جنڈیالہ ضلع جالندھر نے تقسیم سے قبل

ایک صفحہ کا یہ اشتہار شائع کیا۔ جس کے آخر میں مدرسہ کا بھی اشتہار ہے۔ یہ اشتہار بھی ریکارڈ پر لانے کے لئے یہاں پر ہم شائع کررہے ہیں۔

۶/۱۱۸۲ ...... ’’القول المقبول فی اثبات حیاۃ المسیح والنزول المعروف به رد قادیانی‘‘

یہ رسالہ مولانا سید ابونورناظر شاہ بخاری بلانوالوی ثم سیز پیری سیالکوٹ کا مرتب کردہ ہے۔ برہمن سٹیم پریس لاہور سے شائع ہوا۔ سن اشاعت ۱۳۳۲ھ مطابق ۱۹۱۴ء ہے۔ سو برس سے زائد عرصہ کے بعد اس کی اشاعت باعث خوشی ہے۔

۷/۱۱۸۳ ...... ’’البلاغ المبین فی اثبات ان غلام احمد لیس من المسلمین‘‘

یہ رسالہ حضرت مولانا ابورشید احمد الدین شاہ جہان پوری محلّہ ٹکلی کا مرتب کردہ ہے۔ جس میں ملعون قادیان کی دس عبارتیں پیش کر کے اسے کافر ثابت کیا گیا ہے۔ ۱۳۴۱ھ مطابق ۱۹۲۳ء کا یہ لکھا ہوا ہے۔ کریمی پریس لاہور قدیم کو توالی سے شائع ہوا۔ ایک صدی بعد اس کی دوبارہ اشاعت، اللہ تعالیٰ قبول فرمائیں۔

۸/۱۱۸۴ ...... دو استفتاء مع ایک ضمیمہ درردقادیانی

مولانا سید محمد ابوالقاسم حسنی حسینی نے یہ رسالہ ترتیب دیا ہے جو جوہر پریس امروہہ سے شائع ہوا۔ یہ رسالہ ۱۳۳۱ھ مطابق ۱۹۱۵ء کا شائع شدہ ہے۔ اس میں حیات مسیح علیہ السلام کے منکر کے احکام بیان کئے گئے ہیں۔ مؤلف کے علاوہ مولانا مظہرالہادی، مولانا قطب الدین، مولانا نظام الدین چشتی صابری، مولانا عبدالقادر، مولانا سید سبط حسن حضرات کے فتاویٰ جات اور اس پر دستخط ہیں۔ اس کی ایک سو دس برس بعد اشاعت محض فضل باری تعالیٰ ہے۔

۹/۱۱۸۵ ...... کیا مرزا غلام احمد قادیانی نبی ہے؟

محترم منور اختر نے اس رسالہ کو ترتیب دیا ہے۔ موصوف محکمہ صحت گوجرانوالہ میں ملازمت کرتے تھے ان کے محکمہ میں ایک قادیانی حمید عالم مرزائیت کی تبلیغ کیا کرتا تھا۔ منور اختر نے اس کو کھل کر بات کرنے کی دعوت دی تو وہ اپنے مربی محمد اعظم قادیانی کو لے آیا۔ منور صاحب مسلمانوں کی طرف سے مولانا عبدالمنان نورپوریؒ کو ساتھ لے گئے۔ یہ مجلس شرائط مناظرہ کے لئے بلائی گئی تھی۔ لیکن وہاں مناظرہ شروع ہو گیا۔ جو تین گھنٹے تک جاری رہا۔ مرزائی مناظر اپنا دعویٰ ثابت نہ کر سکا اور لکھ کر دیا کہ میں اپنا دعویٰ آئندہ ثابت کروں گا اور تحریری مناظرہ ہوگا۔ اس کے بعد دعویٰ سمیت دونوں طرف سے تین تحریریں ہوئیں۔ مسلمان مناظر کی تیسری تحریر کے بعد مرزائی مناظر حمید عالم قادیانی کی طرف سے کوئی تحریر بار بار مطالبہ کے باوجود نہ آئی۔ اس طرح یہ تحریری مناظرہ مسلمانوں کی فتح کا اعلان کرتا ہے۔ اس مناظرہ کی ابتداء

۲۴؍جنوری ۱۹۸۳ء کو ہوئی اور آخری تحریر ۲۰ شعبان ۱۴۰۳ھ مطابق ۲؍جون ۱۹۸۳ء کو لکھی گئی جس کے بعد مرزائی مناظر کی طرف سے جواب نہ آنے پر اس مناظرہ کی روئیداد کو ۲۲؍رجب ۱۴۰۶ھ مطابق ۲؍اپریل ۱۹۸۶ء منظر عام پر لایا گیا اور شائع کر دیا گیا۔

۱۰/۱۱۸۶...... دجل دجال

مولانا مولوی محمد ظہیر الدین صاحب مسجد شیخاں شہر سیالکوٹ نے یہ رسالہ ذی الحجہ ۱۳۴۳ھ مطابق جولائی ۱۹۲۵ء کو تحریر کیا۔ اس کے ٹائیٹل پر حصہ دوم درج ہے۔ جو باب اوّل سے باب ششم تک کو محیط ہے۔ باب ہفتم سے حصہ سوم درج ہے جو آخر پر جا کر ختم ہوا۔ مصنف مسجد شیخاں اور محلہ کشمیریاں کا حوالہ دیتے ہیں۔ برادر مولانا فقیر اللہ اختر مدظلہم کا کہنا ہے کہ محلہ کشمیریاں میں مسجد شیخاں نہیں ہے۔ بلکہ مسجد مولانا کمال الدین ہے جو اپنے دور میں شیخ الکل فی الکل تھے۔ ہجری اعتبار سے اب ۱۴۴۳ھ چل رہا ہے۔ اس کتاب کو لکھے ایک صدی بیت گئی۔ ہم اس کتاب کے حصہ اوّل کے متلاشی ہیں۔ ادھر قوم مصنف اور ان کی مسجد کو نہیں جانتی۔ ہمیں رسالہ کا حصہ اوّل کہاں سے مل پائے گا؟ جو ملا حاضر ہے۔ خذوا وکونوا من الشاکرین!

۱۱/۱۱۸۷...... ’’قول الحق المعروف بہ المسیح الموعود‘‘

یہ کتاب حضرت مولانا ابوصالح محمد عثمان نصیر آبادی کی ہے۔ آپ نے یہ کتاب رمضان المبارک ۱۳۴۲ھ مطابق اپریل ۱۹۲۴ء میں شائع کی۔ جسے نصیر آباد ضلع اجمیر راجپوتانہ سے شائع کیا گیا۔ مرکنٹائل پرنٹنگ پریس دہلی سے طبع ہوئی۔ جیسا کہ نام سے ظاہر ہے مصنف نے حیات مسیح علیہ السلام پر قادیانیوں کے اشکالات واوہامات کا دفعیہ کیا ہے۔ اپنے طور پر قابل رشک خدمت ہے۔ سو سال بعد اس کی دوبارہ اشاعت پر جتنا اللہ رب العزت کا شکر ادا کیا جائے کم ہے۔

۱۲/۱۱۸۸...... ’’سیف القہار علی عنق امام الاشرار‘‘

موضع بوہڑا ضلع گوجرانوالہ کے جناب محمد علی خان، ملعون قادیان کے ہم عصر تھے۔ ملعون قادیان ارتداد سے قبل قادیان اپنے گھر بلا کر ان کے وعظ کراتا اور خود سنتا تھا۔ اب ملعون قادیان نے ارتداد اختیار کیا تو اس کے کفر پر دستخط کرنے والوں میں مصنف رسالہ ہذا بھی تھے۔ ملعون قادیان کی زندگی میں اسے چیلنج دیا کہ لاہور آجاؤ اپنے عقائد کو صحیح ثابت کر کے انعام حاصل کرو۔ مگر ملعون قادیان کو سانپ سونگھ گیا۔ مختصر رسالہ پڑھنے سے تعلق رکھتا ہے۔ ایک تاریخی دستاویز سے کم نہیں۔

۱۳/۱۱۸۹...... ’’مرزائیاں دی ماں‘‘

پنجابی کی نظم میں محمدی بیگم سے متعلق ملعون قادیان کی پوری پیشین گوئی کو منظوم کیا ہے۔ اس کے

مصنف مولانا محمد حیات جامع مسجد گوجرانوالہ ہیں۔ استاذ محترم فاتح قادیان حضرت مولانا محمد حیات صاحب، حضرت مولانا محمد چراغ صاحب کے پاس اس زمانہ میں پڑھتے رہے ہیں جس زمانہ میں مولانا محمد چراغ صاحب جامع مسجد گوجرانوالہ میں پڑھاتے رہے۔ اس زمانہ میں مولانا محمد حیات نے ملعون قادیان کی محمدی بیگم والی پیش گوئی کو پنجابی زبان میں نظم کر کے شائع کیا۔ یہ غالب گمان ہے اور قریباً صحیح ہے کہ یہ رسالہ مولانا محمد حیات فاتح قادیان کا مرتب کردہ ہے۔ ہمارے مخدوم حضرت مولانا زاہد الراشدی مدظلہم کا بھی ظن غالب یہی ہے۔ بہرحال پون صدی پہلے کا رسالہ دوبارہ شائع کرنے کی اللہ تعالیٰ نے توفیق سے سرفراز فرمایا۔ پھر اگر یہ استاذ محترم حضرت مولانا محمد حیات صاحب کا ہی مرتب کردہ ہے تو اپنی خوش نصیبی پر ناز نہ کریں تو کفران نعمت ہوگا۔

۱۱۹۰/۱۴...... **عصمت انبیاء اور قادیانی مشن**

گوجرانوالہ کی قادیانی جماعت نے ایک پمفلٹ شائع کیا۔ یہ اگست ۱۹۳۳ء کی بات ہے۔ تب گوجرانوالہ کی اہل حدیث جماعت کے رہنما ڈاکٹر میر فقیر اللہ شیدا ایل.ایم.ایس.ایچ دروازہ ٹھاکر سنگھ گوجرانوالہ نے اس کا جواب تحریر کیا جو اگست ۱۹۳۳ء میں گورونانک الیکٹرک پریس گوجرانوالہ سے شائع کر کے تقسیم کیا گیا۔

۱۱۹۱/۱۵...... **اظہار صداقت بجواب اظہار حقیقت**

گوجرانوالہ کے جناب ڈاکٹر میر فقیر اللہ شیدا ایل.ایم.ایس.ایچ نے ''عصمت انبیاء اور قادیانی مشن'' تحریر کیا۔ جس کا گوجرانوالہ کی قادیانی جماعت کے عہدیدار شیخ مشتاق حسین قادیانی جو آرمی کنسٹریکٹر تھے۔ گول سڑک دروازہ ٹھاکر سنگھ میں ایک قادیانی بلڈنگ کا انہوں نے دارالسلام نام رکھا تھا (جسے مسلمان دارالکفر کہتے تھے) کے وہ مالک تھے۔

انہوں نے ''شیدا'' صاحب کے متذکرہ رسالہ کا جواب ''اظہار حقیقت'' کے نام سے دیا۔ اس کے جواب میں ''اظہار صداقت'' رسالہ شیدا صاحب نے تحریر کیا۔ یہ ستمبر ۱۹۳۳ء کی بات ہے۔ ان دونوں نوے سال قبل کے (۱۹۳۳ء، ۲۰۲۳ء) رسائل کی اشاعت زہے نصیب!

۱۱۹۲/۱۶...... قادیانی نبی کی ننگی تصویر (حصہ اوّل)

۱۱۹۳/۱۷...... // // // (حصہ دوم)

یہ دونوں رسائل حاجی محمد عمر صدر وانچارج اسلامی لائبریری محلّہ اسلام پورہ چوہڑکانہ منڈی (فاروق آباد) ضلع شیخوپورہ کے سوال وجواب کی طرز پر مرتب کردہ ہیں۔ دوسرا حصہ کا نامکمل نسخہ ہمیں ملا جو کچھ ملا حاضر کر دیا ہے۔ غرض یہ کہ محاسبہ قادیانیت کی جلد ۲۷ میں:

ا...... مولانامنشی امام الدین لاہوری	کا	ا	رسالہ
۲...... جناب منشی محمد یعقوب پٹیالوی	کا	ا	رسالہ
۳...... مولاناابوالحسنات سیدمحمداحمدقادری لاہور	کے	۲	رسائل
۵۴۷/ ۴......سیدامداداللہ جالندھر	کا	ا	رسالہ
۵۴۸/ ۵......مولاناسیدابونورناظرشاہ بخاری بلانوالوی	کا	ا	رسالہ
۵۴۹/ ۶......مولاناابورشیداحمدالدین شاہ جہان پوری	کا	ا	رسالہ
۵۵۰/ ۷......مولاناسیدمحمدابوالقاسم حسنی حسینی	کا	ا	رسالہ
۵۵۱/ ۸......محترم منوراختر گوجرانوالہ	کا	ا	رسالہ
۵۵۲/ ۹......مولانامولوی محمدظہیرالدین سیالکوٹی	کا	ا	رسالہ
۵۵۳/ ۱۰......مولاناابوصالح محمدعثمان نصیرآبادی	کا	ا	رسالہ
۵۵۴/ ۱۱......جناب محمدعلی خان گوجرانوالہ	کا	ا	رسالہ
۵۵۵/ ۱۲......فاتح قادیان مولانامحمدحیات	کا	ا	رسالہ
۵۵۶/ ۱۳......جناب ڈاکٹرمیرفقیراللہ شیداگوجرانوالہ	کے	۲	رسائل
۵۵۷/ ۱۴......حاجی محمدعمرصدراسلامی لائبریری شیخوپورہ	کے	۲	رسائل

گویاکل ۱۴ حضرات کے ۱۷ رسائل

نتیجہ :اب تک احتساب قادیانیت ساٹھ جلدیں اورمحاسبہ قادیانیت ۲۷ جلدیں کل ۸۷ جلدوں میں تکرار کے حذف کے بعد پانچ سوستاون (۵۵۷) مصنّفین کے کل قدیم ونایاب گیارہ سو ترانوے (۱۱۹۳) کتب ورسائل شائع کرنے کی سعادت حاصل کرچکے ہیں۔الحمدللہ اولاً و آخراً!

امت کی بخشش کے لئے ایک ہی لپ کافی ہے

رسول اللہ ﷺ نے ارشادفرمایا کہ:’’میری امت میں سے ستر ہزار بغیر حساب کے جنت میں داخل ہوں گے۔حضرت ابوبکرؓ نے عرض کیا! یارسول اللہ ﷺ ہمارے اطمینان اورخوشخبری کے لئے اور اضافہ فرمائیں۔آپ ﷺ نے فرمایا: اتنامزید۔تو حضرت عمرؓ نے عرض کیا: اے ابوبکرؓ! اگراللہ تعالیٰ نے چاہاتوحضور ﷺ کی امت کوایک ہی لپ میں جنت میں داخل کردیں گے۔حضور ﷺ نے فرمایا: عمرؓ نے سچ کہا۔‘‘ ہم اللہ تعالیٰ سے امیدکرتے ہیں کہ وہ ہمارے ساتھ ایسامعاملہ نہیں فرمائیں گے جس کے ہم مستحق ہیں بلکہ اپنے کرم وفضل اوررحمت اوراحسان سے وہ معاملہ فرمائیں گے جواس کے شایان شان ہے۔

ختم نبوت سہ ماہی وشعبان کورسز کی چوالیس سالہ رپورٹ

مولانا اللہ وسایا

قادیانیت کے مقابلہ میں جماعتی سطح پر کام کرنے کا اولین اعزاز مجلس احرار اسلام کل ہند کو نصیب ہوا۔ مولانا حبیب الرحمٰن لدھیانوی، مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری، چوہدری افضل حق، ماسٹر تاج الدین انصاری، مولانا قاضی احسان احمد شجاع آبادی، مولانا محمد حیات، مولانا لال حسین اختر، مولانا محمد علی جالندھری اور مولانا عبدالقیوم پوپلزئی رحمہم اللہ ایسے بیسیوں اکابر باہمی مشاورت کے ساتھ شعبہ تبلیغ مجلس احرار اسلام کے نام پر کام میں شریک رہے اور قادیان میں شعبہ تبلیغ مجلس احرار اسلام کا اپنا دفتر قائم کیا۔

ماسٹر تاج الدین انصاری، مولانا محمد حیات، مولانا عنایت اللہ چشتی اور مولانا عبدالکریم مباہلہ ایسے حضرات نے قادیان میں قیام کر کے قرب وجوار کے علاقہ میں قادیانی ارتدادی یلغار کے سامنے بند باندھا۔ وہاں پر حضرات علماء کرام کو ردقادیانیت پر باقاعدہ تربیت دی جاتی۔ یہ کام حضرت مولانا محمد حیات سرانجام دیتے رہے۔

پاکستان بننے کے بعد جنوری ۱۹۴۹ء میں جب اس کام کو مجلس تحفظ ختم نبوت کے نام سے کرنے کا فیصلہ ہوا تو پہلے ۱۹۴۹ء میں مسجد سراجاں حسین آگاہی ملتان، پھر محلّہ قدیر آباد، پھر کچہری روڈ اور پھر بیرون لوہاری گیٹ میں استاذ محترم حضرت مولانا محمد حیات علماء کرام کی ردقادیانیت پر تیاری کراتے رہے۔

سب سے پہلی حسین آگاہی مسجد سراجاں کی کلاس میں تربیت حاصل کرنے والے علماء کرام میں مولانا محمد لقمان علی پوری، مولانا عبدالرحیم اشعر، مولانا قائم الدین علی پوری، مولانا غلام محمد علی پوری، مولانا غلام مصطفیٰ بہاولپوری اور مولانا عبداللطیف اختر شجاع آبادی شریک کلاس رہے۔

اس کے بعد دفتر مرکزی مجلس تحفظ ختم نبوت تغلق روڈ پر منتقل ہوا۔ پاکستان بننے کے بعد کچھ عرصہ تک حضرت مولانا لال حسین اختر شاہی مسجد چنیوٹ میں بھی پڑھاتے رہے۔ ملتان کی کلاسیں سہ ماہی ہوتی، جبکہ چنیوٹ کی کلاس کا دورانیہ چار ماہ ہوتا تھا۔

مولانا ضیاء الدین آزاد ماموں کانجن راوی ہیں کہ ۱۹۶۴ء کی کلاس وہاں پر آخری کلاس تھی۔ اس میں مولانا فضل الرحمٰن احرار سلانوالی، مولانا سعید الرحمٰن بن حاجی ذکر اللہ بہاولپور، مولانا جمال اللہ الحسینی بنوں عاقل، مولانا خلیل الرحمٰن جلال پور پیر والا ملتان اور مولانا ضیاء الدین آزاد ماموں کانجن شریک تھے۔

ملتان مسجد سراجاں ۱۹۴۹ء مطابق ۱۳۶۸ھ سے ۱۹۷۹ء مطابق ۱۴۰۰ھ تک کا ریکارڈ نہیں مل پایا۔ ۱۴۰۱ھ مطابق ۱۹۸۰ء میں موجودہ دفتر حضوری باغ روڈ پر منتقل ہوا۔ یہاں ۱۴۰۱ھ سے لے کر ۱۴۳۴ھ تک جو سہ ماہی کورسز دفتر مرکزیہ ملتان میں یا ہفت روزہ کورس کوئٹہ اور ژوب میں منعقد ہوئے، ان میں تربیت حاصل کرنے والے شرکاء کرام کا جو ریکارڈ میسر آیا ان کی کل تعداد پانچ سو دس ہے۔ اس کی فہرست ملاحظہ فرمائیں: (یاد رہے کہ ۱۹۴۹ء تا ۱۹۷۹ء کا ریکارڈ نہیں مل پایا، وہ بھی مل جائے تو تعداد میں گراں قدر اضافہ ہو جائے)

سہ ماہی و درمیان سال کورسز

نمبر شمار	سن کورس	بمقام	بابت ماہ و سال	تعداد	مجموعہ تعداد
۱	۱۴۰۱ھ	ملتان مرکز	رجب المرجب ۱۴۰۱ھ مطابق جون ۱۹۸۱ء (سہ ماہی کورس)	۲	۲
۲	۱۴۰۲ھ	؍؍ ؍؍	محرم الحرام ۱۴۰۲ھ مطابق نومبر ۱۹۸۱ء (؍؍ ؍؍)	۲	۴
۳	۱۴۰۴ھ	؍؍ ؍؍	۱۴۰۴ھ مطابق ۱۹۸۴ء (ماہ درج نہیں ہے) (؍؍ ؍؍)	۲	۶
۴	۱۴۰۵ھ	؍؍ ؍؍	شوال المکرّم تا ذی الحجہ ۱۴۰۵ھ مطابق جولائی تا ستمبر ۱۹۸۵ء (؍؍ ؍؍)	۶	۱۲
۵	۱۴۰۶ھ	؍؍ ؍؍	محرم الحرام تا ربیع الاول ۱۴۰۶ھ مطابق اکتوبر تا دسمبر ۱۹۸۵ء (؍؍ ؍؍)	۷	۱۹
۶	۱۴۰۶ھ	؍؍ ؍؍	شوال المکرّم تا ذی الحجہ ۱۴۰۶ھ مطابق جون تا اگست ۱۹۸۶ء (؍؍ ؍؍)	۶	۲۵
۷	۱۴۰۷ھ	؍؍ ؍؍	شوال المکرّم تا ذی الحجہ ۱۴۰۷ھ مطابق جون تا اگست ۱۹۸۷ء (؍؍ ؍؍)	۶	۳۱
۸	۱۴۰۸ھ	؍؍ ؍؍	رمضان المبارک ۱۴۰۸ھ مطابق اپریل ۱۹۸۸ء (؍؍ ؍؍)	۲	۳۳
۹	۱۴۱۰ھ	؍؍ ؍؍	جمادی الاخریٰ ۱۴۱۰ھ مطابق جنوری ۱۹۹۰ء (؍؍ ؍؍)	۳	۳۶
۱۰	۱۴۱۲ھ	ملتان مرکز	شوال المکرّم تا ذی الحجہ ۱۴۱۲ھ مطابق اپریل تا جون ۱۹۹۲ء (؍؍ ؍؍)	۵	۴۱
۱۱	۱۴۱۳ھ	؍؍ ؍؍	شوال المکرّم تا ذی الحجہ ۱۴۱۳ھ مطابق اپریل تا جون ۱۹۹۳ء (؍؍ ؍؍)	۳	۴۴
۱۲	۱۴۱۴ھ	؍؍ ؍؍	شوال المکرّم تا ذی الحجہ ۱۴۱۴ھ مطابق مارچ تا جون ۱۹۹۴ء (؍؍ ؍؍)	۶	۵۰
۱۳	۱۴۱۵ھ			ریکارڈ نہ ملا	
۱۴	۱۴۱۶ھ	ملتان مرکز	(ریکارڈ میں ماہ درج نہیں ہے: صرف ''دوران سال ملتان میں کورس'' کا عنوان موجود ہے)	۲	۵۲
۱۵	۱۴۱۷ھ	؍؍ ؍؍	(ریکارڈ میں ماہ درج نہیں ہے: صرف ''دوران سال ملتان میں کورس'' کا عنوان موجود ہے)	۴	۵۶
۱۶	۱۴۱۸ھ	؍؍ ؍؍	(ریکارڈ میں ماہ درج نہیں ہے: صرف ''دوران سال ملتان میں کورس'' کا عنوان موجود ہے)	۵	۶۱
۱۷	۱۴۱۹ھ	؍؍ ؍؍	شوال المکرّم تا ذی الحجہ ۱۴۱۹ھ مطابق جنوری تا مارچ ۱۹۹۹ء	۴	۶۵
۱۸	۱۴۲۰ھ			ریکارڈ نہ ملا	

۱۹	۱۴۲۱ھ	ملتان مرکز	ربیع الاول تا جمادی الاول ۱۴۲۱ھ مطابق جون تا اگست ۲۰۰۰ء (سہ ماہی کورس)	۶	۷۱
۲۰	۱۴۲۲ھ	ژوب	جمادی الاخری ۱۴۲۲ھ مطابق اگست ۲۰۰۱ء (ہفت روزہ کورس)	۱۱۷	۱۸۸
۲۱	۱۴۲۲ھ	ملتان مرکز	شوال المکرّم تا ذی الحجہ ۱۴۲۲ھ مطابق جنوری تا مارچ ۲۰۰۲ء (سہ ماہی کورس)	۱	۱۸۹
۲۲	۱۴۲۳ھ	// //	شوال المکرّم تا ذی الحجہ ۱۴۲۳ھ مطابق دسمبر ۲۰۰۲ء تا فروری ۲۰۰۳ء (// //)	۷	۱۹۶
۲۳	۱۴۲۴ھ	// //	شوال المکرّم تا ذی الحجہ ۱۴۲۴ھ مطابق دسمبر ۲۰۰۳ء تا فروری ۲۰۰۴ء (// //)	۱۳	۲۰۹
۲۴	۱۴۲۵ھ	کوئٹہ	صفر الخیر تا ربیع الاول ۱۴۲۵ھ مطابق اپریل ۲۰۰۴ء (ہفت روزہ کورس)	۱۷۱	۳۸۰
۲۵	۱۴۲۵ھ	ملتان مرکز	شوال تا ذی الحجہ ۱۴۲۵ھ مطابق نومبر ۲۰۰۴ء تا فروری ۲۰۰۵ء (سہ ماہی کورس)	۱۸	۳۹۸
۲۶	۱۴۲۶ھ	// //	شوال المکرّم تا ذی الحجہ ۱۴۲۶ھ مطابق نومبر ۲۰۰۵ء تا جنوری ۲۰۰۶ء (// //)	۱۰	۴۰۸
۲۷	۱۴۲۷ھ	// //	شوال المکرّم تا ذی الحجہ ۱۴۲۷ھ مطابق نومبر ۲۰۰۶ء تا جنوری ۲۰۰۷ء (// //)	۱۶	۴۲۴
۲۸	۱۴۲۸ھ	// //	شوال المکرّم تا ذی الحجہ ۱۴۲۸ھ مطابق اکتوبر ۲۰۰۷ء تا جنوری ۲۰۰۸ء (// //)	۹	۴۳۳
۲۹	۱۴۲۹ھ	// //	شوال المکرّم تا ذی الحجہ ۱۴۲۹ھ مطابق اکتوبر تا دسمبر ۲۰۰۸ء (// //)	۱۱	۴۴۴
۳۰	۱۴۳۰ھ	// //	شوال المکرّم تا ذی الحجہ ۱۴۳۰ھ مطابق اکتوبر تا دسمبر ۲۰۰۹ء (// //)	۱۵	۴۵۹
۳۱	۱۴۳۱ھ	// //	شوال المکرّم تا ذی الحجہ ۱۴۳۱ھ مطابق ستمبر تا دسمبر ۲۰۱۰ء (// //)	۱۲	۴۷۱
۳۲	۱۴۳۲ھ	// //	شوال المکرّم تا ذی الحجہ ۱۴۳۲ھ مطابق ستمبر تا نومبر ۲۰۱۱ء (// //)	۱۹	۴۹۰
۳۳	۱۴۳۳ھ	// //	شوال المکرّم تا ذی الحجہ ۱۴۳۳ھ مطابق ستمبر تا نومبر ۲۰۱۲ء (// //)	۶	۴۹۶
۳۴	۱۴۳۴ھ	// //	شوال المکرّم تا ذی الحجہ ۱۴۳۴ھ مطابق اگست تا نومبر ۲۰۱۳ء (// //)	۱۴	۵۱۰

یک سالہ کورسز

ملتان دفتر مرکزیہ کی سہ ماہی کلاس کو شوال ۱۴۳۵ھ سے مدرسہ ختم نبوت مسلم کالونی چناب نگر میں منتقل کیا گیا اور اس کا دورانیہ بھی ایک سال مقرر کیا گیا۔ اس کے ساتھ تخصص فی الفقہ کو شامل نصاب رکھا گیا۔ ۱۴۳۵ھ تا ۱۴۴۳ھ نو سال کے عرصہ میں یک سالہ نصاب مکمل کرنے والے حضرات کی تعداد ۱۵۲ ہے۔ جس کی سال بہ سال فہرست یہ ہے:

نمبر شمار	کورس	بمقام	تاریخ آغاز و تاریخ اختتام	تعداد	مجموعہ تعداد
۳۵	۱۴۳۵، ۳۶ھ	چناب نگر	شوال ۱۴۳۵ھ تا رجب ۱۴۳۶ھ مطابق اگست ۲۰۱۴ء تا مئی ۲۰۱۵ء (سال اول)	۱۳	۱۳
۳۶	۱۴۳۶، ۳۷ھ	// //	شوال ۱۴۳۶ھ تا رجب ۱۴۳۷ھ مطابق جولائی ۲۰۱۵ء تا اپریل ۲۰۱۶ء (سال دوم)	۱۹	۳۲
۳۷	۱۴۳۷، ۳۸ھ	// //	شوال ۱۴۳۷ھ تا رجب ۱۴۳۸ھ مطابق جولائی ۲۰۱۶ء تا اپریل ۲۰۱۷ء (سال سوم)	۲۸	۶۰
۳۸	۱۴۳۸، ۳۹ھ	// //	شوال ۱۴۳۸ھ تا رجب ۳۹ھ مطابق جولائی ۲۰۱۷ء تا اپریل ۱۸ء (سال چہارم)	۲۶	۸۶

۳۹	۱۴۳۹،۴۰ھ	//	//	شوال ۱۴۳۹ھ تا رجب ۱۴۴۰ھ مطابق جون ۲۰۱۸ء تا مارچ ۲۰۱۹ء (سال پنجم)	۱۱	۹۷
